Boatman, *n.* One who manages a boat: ملاح - ماجھی

Boatswain, *n.* A subordinate officer of a vessel in charge of rigging anchors, &c سرہنگ

Bob, *v. t.* To move in a short jerking manner; to jerk up and down; to cheat; to angle: ہلنا - دھوکا دینا - اوپر نیچے کرنا - پھنسانا

——, *n.* A pendant; a jerk of the head; a float: اڑیہ - لٹکن - بندہ - جھٹکا - سر کا ہلانا - آزمندہ

Bobbin, *n.* A piece of wood on which thread is wound for making lace; reel; thin cord: چالی بُننے کی سلائی - اٹیرن - ڈوری

Bode, *v. t.* To be the omen of, to show beforehand: شگون دینا - اُلم بتانا * **Good onset bodes good end,** ٹھیک آغاز ٹھیک انجام

Boddice, *(Corrupted form of* **bodies)** *n.* Stays; corset: انگیا - چولی - سینہ بند

Bodkin, *n.* A large blunt needle; a small instrument for pricking holes or for dressing the hair: سوجا - سوئی - کنگھی بھانپنے کی ذمدار سلائی - بال کا کانٹا

Body, *n.* The material substance or frame of an animal; a corpse: جسم - ڈھانچہ - جثہ * The main part: خاص حصہ - قلب * A corporation: فرقہ - برادري - جماعتي چارہ * A collection: مجمع * Person: شخص - نفر - انسان * In a—, ایک سنگ - اکٹھے - جھنڈ کا جھنڈ

Body-guard, *n.* A life-guard; escort: خاصہ بردار - محافظ جسم

Bog, *n.* A marsh; a morass: دلدل - چھناؤ - دھسان

Bogey, Bogy, *n.* A goblin: بھوتنا - ھوّا

Boggle, *v. i.* To start; to hesitate: چوکنا - پس و پیش کرنا - جھجھکنا

Syn. Doubt, shrink, waver, falter.

Boil, *v. i.* To be agitated by heat; to be hot: اوبلنا - کھولنا

——, *v. t.* To cause to boil; to heat to the boiling point: جوشدینا - اوبالنا - کھولانا * *n.* An inflamed and painful tumour: پھوڑا - گاگن - دمبل

Boiler, *n.* The vessel in which water is boiled; caldron: دیگ - پتیلا

Boisterous, *a.* Violent; turbulent; stormy: شدید - پرشور - تند - پر از طوفان - مرسزن

Bold, *a.* Daring; brave; fearless; impudent: بہادر - دلیر - نڈر - گستاخ

Syn.—Courageous, valiant, intrepid, valorous

Ant. Cowardly, timid, timorous, fearful.

Bold-faced, *a.* Impudent; shameless: — گستاخ - بے شرم - شوخ چشم

Boldness, *n.* Courage; bravery; confidence, forwardness: — جرات - دلیري - مبادرت - شجاعت - اطمینان - گستاخي

Bolster, *n.* A round long pillow; a support: گول لمبا تکیا - گاؤ تکیہ - سہارا

Bole, *n.* The trunk of a tree: تنا - ڈال * Red clay: ملطاني مٹي

Bolt, *n.* An arrow; a dart; a thunder bolt; the bar of a door; a shackle: — تیر - بان - بجلي - چٹخني - بیڑي

——, *v. t.* To fasten with a bolt; to utter precipitately; to swallow; to shackle; to sift: — بلي یا آگل لگانا - بے سوچے سمجھے بولنا - نگلنا - چھاننا - بیڑي ڈالنا - جکڑنا * To bolt to the bran, چھان بین کرنا - دودھ کا دودھ اور پانی کا پانی کرنا

Bolus, *n.* A large pill: بڑي گولي - ٹکیا

Bomb, *n.* An explosive iron shell; بم کا گولا

Bombard, *v. t.* To attack with bombs: گولے چلانا - توپوں سے اڑانا

Bombardment, *n.* Attack with bombs: گولا اندازي - گولوںکي مار - گولا باري

Bombast, *n.* High sounding words; a pompous style: لغت تراشي - لفاظي

Bombastic, *a.* High-sounding; pompous: بڑے بڑے الفاظ سے بھرا ھوا - مبالغہ آمیز

Bonafide, *a.* (L.), In good faith; truly: ایماناً - سچا - نیک نیتي سے

Bonbon, *n.* A sugar plum; sugar confectionary: بتاشہ - کھانڈ کے کھلونے

Bond, *n.* That which binds as a cord, &c.: بند - زنجیر * Any written obligation; felters; imprisonment: — اقرار نامہ - تمسک - دستاویز - مچلکہ * Penalty —, بیڑي - قید

Bondage, *n.* A slavery; imprisonment: غلامي - قید - اسیري

Bondsman, *n.* A surety; a slave: — ضامن - غلام - بندہ

Bone, *n.* A firm hard substance of a dull white colour in animal body: هڈي - استخوان * A—of contention, a subject of dispute: * بناء مخاصمت جھگڑے کي جڑ - زھر کي گانٹھ To make no—s, to have no scruple: — کچھ اندیشہ نہ کرنا * Body and—, *a* Entirely: — بالکل * To pick a—with any one, to dispute: جھگڑا کرنا * To the—, to the inmost part: اندر تک

Bone-ache, *n.* Pain in the bones: هڈي کا درد

Bonfire, *n.* A fire made for triumph: آتش شادي - روشني - خوشي کا الاؤ

Bonmot, *n.* A joke; a witty repartee: — چٹکلہ - ظرافت - لطیفہ - نکتہ

Bonnet, *n.* A covering for the head worn by females: زنانہ ٹوپي

Bonny, *a.* Handsome; gay; plump: خوبصورت - چنچل - گداز

Bonus, *n.* A premium given by way of addition: انعام - نفع

Bony, *a.* Consisting of bones; stout: هڈي دار - مضبوط

Booby, *n.* A large aquatic bird: آبي پرند * A dunce; a stupid fellow: احمق - بيوقوف - سادہ لوح

Book, *n.* A volume; a particular part of a work: کتاب - رسالہ - پرتوي * To be in one's good—s or good graces, to stand in high favour with one: کسي کا منظور نظر هونا * To bring one to—, to call a person to account: حساب مانگنا

——, *v. a.* To register in a book; to forward, to give one a conveyance ticket: کتاب ميں درج کرنا - روانہ کرنا - راہ داري کا ٹکٹ

Bookbinder, *n* One whose occupation is to bind books: جلد بند

Bookbinding, *n.* The art of binding books: جلد ساري - صحافي

Booking-clerk, *n.* A ticket clerk at a Railway station: ريل پر ٹکٹ تقسيم کرنے والا محرر

Bookish, *a.* Fond of study: شوقين علم - مطالعہ درست - کتاب دوست

Book-keeper, *n.* One who keeps accounts: منيب - حساب رکھنے والا

Book-maker, *n.* One who writes or compiles books; a compiler: مولف

Bookmate, *n.* A school-fellow: هم مدرسہ - هم مکتب

Bookseller, *n.* One whose occupation is to sell books: کتب فروش

Bookworm, *n.* A worm or mite that eats holes in books; an eager student: کتابي کيڑا - پڑهنے کا شايق

Boom, *n.* A chain or bar across a harbour; the sound of cannon: بلي - چهڑ - آز - توپ کي آواز - دنادن - دائيں دائيں * *v. i.* To rush violently; to roar: زور سے جهپٹنا - گرجنا

Boon, *n.* A gift; a prayer; a favour: بخشش - استدعا - عنايت

——, *a.* Gay; kind: خوش طبع - مهربان - زنده دل - يار باش * A—companion, يار شاطر - دلگي باز

Boor, *n.* A rude peasant; a clown: دهقاني - گنوار

Boorish, *a.* Rude; uncivilised, awkward: ناشائسته - اوسک

Boose, *v. t.* To drink excessively: کثرت سے شراب پينا - چڑهانا

Boot, *v. t.* To profit; to benefit: حاصل کرنا - فايدہ اٹهانا

——, *n.* Profit: نفع * A leather covering for the foot and leg: لنبا جوتا * To—, in addition to: اور بهي - زيادہ - روکن - گهلوا

Booth, *n.* A stall or tent in a fair: جهونپڑا - چهاؤن - ڈيرا

Bootless, *a.* Useless; unprofitable; vain لا حاصل - بيہودہ - خالي

Boot-lick, *n.* خوشامدي - چاپلوس چيلہ - قدمبوسي - جوتياں سيدهي کرنے والا

Boot-maker, *n* One whose occupation is to make boots: موچي

Boot-tree, Boot-last, *n.* A last or wooden mould for stretching boots: (kálbud). کالبد

Booty, *n.* Spoil taken in war; plunder: مال غنيمت - لوٹ

Booze, *v. i.* Same, as **Boose.**

Bo-peep, *n.* A game to amuse children: آنکهہ مچولي

Borax, *n.* A compound of boracic acid and soda: سوہاگا

Border, *n.* The outer part or edge of anything; a boundary: کنارہ - دامن - حد - سرحد (on cloth or paper) مگري - منجاف - بيل - حاشيہ (in a garden) روش

——, *v. t.* To be adjacent; to adorn with a border: متصل هونا - چهونا - ملنا - منجف لگانا

Borderer, *n.* A dweller on the border: سرحدي باشندہ

Bore, *v. t.* To pierce: سوراخ کرنا * To vex: دق کرنا - چيڑنا

——, *n.* A hole made by boring: سوراخ * A person that annoys: مغز چاٹ * The advancing front of a tidal wave in a river: طغياني * The cavity of a gun: بندوق کي کهوہ - اندروني قطر

Boreal, *a.* Northern: شمالي - اُتري

Boreas, *n.* The north wind: باد شمال

Borecole, Kale, *n* A kind of cabbage having curled or wrinkled leaves: نرم کلہ - گانٹهہ گوبي

Born, *pp.* of **Bear** (to bring forth). Brought forth : زایدہ - جنا

Borne, *pp.* of **Bear** (to carry). Carried ; supported : لے جایا گیا - سہارا دیا گیا

Borough, *n.* A town entitled to send one or more members to Parliament ; an incorporated town : قصبہ جو اپنا ممبر پارلیمنٹ میں بھیج سکے

Borrow, *v. t.* To ask or receive as a loan ; to adopt, to imitate : اودھار مانگنا - قرض لینا * To borrow on usury brings sudden misery : عاریتن لینا - نقل کرنا * مرگا بیاج بھیک منگاے He that goes a borrowing goes a sorrowing : ادھار دھاے دلیس بساے

Boscage, *n.* Thicket underwood : جھاڑ - جھاڑی - کھوبڑ

Bosh, *a.* Nonsense ; trash ; void of meaning : بے معنی - مہمل

Bosom, *n.* The breast ; the heart ; embrace ; the interior : اندرون - بغل گیری - دل - سینہ * *n.* Confidential ; intimate : معتبر - جگری - یار - گاڑھا

——, *v. t.* To enclose in the bosom ; to cherish ; to conceal : دل میں رکھنا - چھپانا

Boss, *n.* Protuberant part ; a stud ; master ; superintendent : ٹکا ہوا حصہ - پھول - مالک حاکم - مہتمم

Botanic, Botanical, *a.* Relating to plants : نباتاتی

Botanist, *n.* One skilled in botany ; a naturalist : علم نباتات داں

Botanize, *v. t.* To seek for studying plants and collect plants for study : پھردونکر جمع کرکے ترتیب سے لگانا اور مطالع کرنا

Botany, *n.* The science that treats of plants : علم نباتات

Botch, *n.* A swelling on the skin : - دمدوزا * A clumsy performance : کچا یا - چتی - پھنسی ناقص کام

——, *v. t.* To mend or patch clothes clumsily : پیوند لگانا - اناڑی پن سے مرمت کرنا

Botchy, *a.* Marked with botches ; clumsy : پیوند لگا ہوا

Both, *a.* and *pro* The one and the other ; the two : دونوں - ہردو * *conj.* As well : نیز - بھی

Bother, *v. t.* To tease ; to perplex ; to give trouble to : دق کرنا - تنگ کرنا - بھچانا

Botheration, *n.* Trouble ; vexation : دقت - جھمیلا - بکھیڑا

Bost, *n.* The larvæ of the gadfly : جونک

Bottle, *n.* A glass vessel to hold liquor : - بوتل * قرابہ - کدو - گھیا —**gourd,** —**companion,** a companion in drinking : ہم پیالہ

——, *v. t.* To put into a bottle : * بوتل میں بھرنا

Bottom, *n.* The lowest part of anything foundation ; seat ; stamina ; vessel : - پیندی تلچھٹ بنا - نشست - استحکام - جہاز

Bottomless, *a.* Unfathomable : عمیق - اتھاہ - اگم

Bottomry, *n.* Money borrowed on a ship : قرض لینا جہاز کی مالیت پر - جہاز بندھک

Boudoir *(Boo dwar), n.* A lady's private room : زنان خانہ - خلوت گاہ

Bough *(bou), n.* A branch of a tree : شاخ - ڈالی * The boughs that bearmost hangmost : نہاد شاخ پر میوہ سر بر زمیں (جتنا پھلے اوتنا جھکے)

Bought, *v. t.* Past tense or *pp.* of **Buy** : خریدا

Bought, *n.* A bend, the part of the sling that contains the stone : - خم - دیج - مروڑ گوپھن کی جالی جس میں پتھر رکھکر پھینکتے ہیں

Bouillon, *n.* (Pron. *Bul-yon.*) Clear soup, especially from beef : شوربا خاصکر گاے کے گوشت کا - یخنی

Boulder, *n* A large stone rounded : پتھر کا بڑا گول ٹکڑا * By the actions of water ; a large pebble : گول مول پتھر - بٹا

Bounce, *v. i.* To leap or spring suddenly : چھلانگ مارنا * To brag : شیخی مارنا * *n.* A leap : دھماکا * A heavy blow : جست - چوکی

Bound, *n.* A spring ; a jump ; a limit : چھلانگ - پھلانگ - حد

Bound, *v. t. or i.* To limit ; to form a boundary ; to restrain ; to spring : حد باندھنا - گھیرنا - کودنا

——, *a.* Destined ; intending to go ; under an obligation ; tied ; having a binding (as a book) : جانے والا - روانہ ہونے والا بندھا ہوا - پابند فرض - مجلد

Boundary, *n.* A limit ; separating line : حد - سر - حد - خط وحدانی

Bounden, *n.* Binding ; indispensable ; obligatory : لازمی - ضروری

Boundless, *a.* Unlimited ; unconfined : - بے حد لاانتہا

Bounteous, *a.* Liberal ; bountiful ; generous : سخی - فیاض

Bountiful, *a* Liberal ; abundant : - کریم - سخی کشادہ دل - وافر

Bounty, *n.* Generosity ; liberality ; munificence ; a generous gift : فیض - سخاوت - کرم - بخشش

Bouquet *(boo-kay),* *n.* A nosegay ; bunch of flowers : گلدستہ - پھولوں کا گچھا

Bourgeois, (Pron. *Boorzhwa*), *n.* A member of the middle class , a tradesman : متوسط درجہ کا آدمی - بقال

——, (Pron. *Burjois*). A size of type between brevier and long primer : ایک قسم کا حروف جو بریویر اور لانگ پرایمر کے درمیان ہوتا ہے

Burgeon, *v. t.* To bud ; to shoot ; to sprout : ٹہنی نکلنا - شاخ پھوٹنا

Bourn, Bourne, *n.* A bound ; a limit ; a stream : حد - انتہا - سوتا

Bout, *n.* A twist : گانٹھ * A contest : لڑائی * A debauch : شرابخواری

Bovine, *a.* Pertaining to cattle : مویشی کے متعلق

Bow, *v. t.* To bend the body in token of respect ; to stoop ; to depress ; to crush : * سلام کرنا - خم کرنا - جھکنا - زیر کرنا - دبانا Better to—than break, جھک چلے تو ٹوٹے کاہے

Bow *(bo),* *n.* An instrument to shoot arrows ; rain-bow , the stem or prow of a ship ; a fiddle stick ; an ornamental knot ; an obeisance : کمان - جہاز کا سامنا - اگاڑی - ریشمی بنتہ کا پھول - گز * A pellet—, گولی * Carders—, دھنکر * To bend a—, کمان چڑھانا * To unbend a—, کمان اتارنا * To draw the long—, to exaggerate : لمبی چوڑی ہانکنا

Bowels, *n.* The intestines : آنتیں * The inner part of anything : اندرونی حصہ * Compassion : رحم - ترس * The —of the earth, the interior part of the earth : زمین کا اندرونی حصہ

Bower, *n.* An arbour , a shady recess ; a retired chamber : مانڈھا - کنج - کرنی - خلوت خانہ

Bowl, *n.* A hollow, round vessel : پیالہ - جام - کٹورا - کاسہ - ساغر * A wooden ball for playing : لکڑی کا گیند

——, *v. t.* To play with bowls , to move rapidly like a ball : کھیلنا - گیند سا ڈھلکنا لڑھکنا

Bowler, *n.* One who bowls at cricket : گیند دینے والا

Bowling, *n.* The act of rolling the ball at cricket : گیند دینا

Bowling-green, *n.* A level green for bowlers : کرکیٹ کھیلنے کا میدان

Bowman, *n.* An archer : تیر انداز

Bowse, *v. t.* *(Naut.)* To haul or pull hard : ملکر کھینچنا

Bowshot, *n.* The distance to which an arrow can be sent from a bow : وہ فاصلہ جہانتک تیر کمان سے پھونچایا جاسکے

Bowstring, *n.* The string of a bow : کمان کا چلہ

Bow-yer, *n.* A maker of bows , an archer : کمان بنانیوالا - تیر انداز

Box, *n.* A chest : صندوق - صندوقچہ * A blow on the head or ear : گھونسا * The driver's seat : کوچبکس * A kind of tree . ایک قسم کا درخت * A small shooting house : شکار گھر * A shelter for a sentry : سنتری گھر * A present : نذر یا تحفہ * To be in the wrong—, to be mistaken : غلطی میں ہونا x To be in a witness—, to appear as a witness : شہادت دینا

——, *v. t.* To shut up in a box ; to strike with the fist : بند کرنا - گھونسا مارنا

Boxer, *n.* One who fights with the fist : گھونسے باز

Boy, *n.* A male child ; a lad : چھوکرا - لڑکا - طفل

Boycott, *v. t.* To combine against by refusing to buy the products of . کسی ملک کی چیزوں کی خرید سے ملکر انکار کرنا

Boyhood, *n.* The state of being a boy : - لڑکپن طفلی - بچپن

Boyish, *a.* Childish ; Trifling : * طفل مزاج - چھٹپن کا ہیچ

Brace, *v. t.* To bind close ; to tighten : - کسنا باندھنا

Brace, *n.* A bandage; a support; a thick strap: بند - آڑ - تسمہ * A pair: جوڑ * *pl.* Braces; straps that suspend pantalloons: پتلون کي گيلس

Bracelet, *n.* An ornament for the wrists: بيگن - پہونچي - چوڑي - کڑا

Bracing, *a.* Healthy invigorating: صحت بخش - مقوي

Bracket, *n.* A slight wooden or iron support: ديوال گير * The sign parenthesis: خطوطہ - وحداني - ( ) يہہ نشان

Brackish, *a.* Saltish: کھاري ـ سور

Brag, *v. i.* To boast: ينگي مارنا

Syn.—Bluster, vaunt, swagger.

Braggart, *n.* A boaster; a vain fellow: شيخي باز

Braid, *v. t.* To weave together; to plait. بننا - گوتھنا

——, *n.* A texture. بناوٹ * A sort of lace: گوٹا * A knot: جوڑ * A plait: جالي

Brain, *n.* The soft, whitish mass enclosed in the skull: مغز * The understanding: دماغ - عقل

——**fever,** *n* Inflammation of the brain: سرسام x —**sick,** *a* Diseased in the understanding whimsical: پاگل - کوڑہ مغز

Brainless, *a* Without understanding; silly: نادان - بيوقوف

Brake, *n.* A thicket: جھاڑي * An instrument for dressing hemp or flax: کنگھي * A contrivance to retard the motion of carriage wheels. اٹکاؤ - روک - پہيا * A harrow; a kneading trough: پٹرا - گوندھنے کا برتن

Bramble, *n.* A blackberry bush; any rough, prickly shrub: جھاڑي - خاردار جھاڑي

Bran, *n.* Husks of corn ground: بھوسي - چوکر

Branch, *n.* A small bough: شاخ * A shoot: ڈالي * Descendants of a family: * اولاد - نسل Section; limb: صيغہ - عنصر

Branchlet, *n.* A small branch; a twig: ٹہني

Brand, *n.* A burning stick: * جلتي هوئي لکڑي A sword: تلوار - کرچ * A stigma: داغ - کلنک * داغنے کا لوہا کا ٹيکا

v. t. To burn with a hot iron; to stigmatise: داغنا - بدنام کرنا

Brandish, *v. t.* To wave, as a weapon; to strike about; to flourish: گھوماتا - پھرانا

Brandnew, *a.* Quite new: بالکل نيا - کورا - تہہ درز

Brandy, *n.* An ardent spirit distilled from wine: برانڈي شراب

Brasier, *n.* An artificer who works in brass: کسيرا - ٹھٹھيرا

Brass, *n.* An alloy of copper and zinc: * پيتل Impudence: شوخي

Brassy, *a.* Like brass; Impudent: پيتل سا - شوخ

Brat, *n.* A child, so called in contempt: - لڑکا چوکڑا - کچے بچے - چيتھڑا پرتے

Bravado, *n.* A boastful or threatening behaviour: لاف گراف - دھمکي

Brave, *a.* Courageous; bold; daring; excellent: - دلير - بہادر - شجاعت والا - جرات والا - خوب

——, *v. t.* To defy; to meet with courage: سامنا کرنا - مقابلہ کرنا

Bravery, *n.* Intrepidity; courage; heroism; splendour; finery: - بہادري - دليري - جوانمردي چمک دمک - فرق برق - پوشاک

Bravo, *n.* An assassin or murderer: خوني قاتل ——*inter.* Well done! excellent! کيا خوب واہ واہ

Brawl, *v. t.* To quarrel noisily; to wrangle: جھگڑنا - غل مچانا * *n.* A noisy quarrel: جھگڑا

Brawn, *n.* The salted flesh of a boar: سور کا گوشت * The muscular part of the body: پٹھا - بازو

Brawny, *a* Muscular; having great strength of muscles: شہزور - قوي

Bray, *v. i.* To utter a harsh cry, as an ass: رينکنا

Braze, *v t.* To solder with brass: پيتل سے مڑھنا - جھالنا

Brazen, *a.* Made of brass: پيتل کا * Impudent: بيحيا - گستاخ

Brazen-faced, *a.* Shameless; impudent: بے شرم - گستاخ - شوخ

Breach, *n.* A gap. شگاف – سوراخ * Violation of a law or contract : عہد شکنی * A quarrel : جھگڑا

Syn. Rent, cleft, disruption, dispute, contention.

Ant.—Contiguity, adhesion, union.

Bread, *n.* Food made of ground corn روٹی – چھاتی * —**winner,** one who works for the support of the family : کمیرا – کماسٹ * —**and butter.** (محاورہ) (اصلی معنی) مکھن روٹی * **To fight with one's—and butter,** بھوپی تھالی میں لات مارنا

Breadth, *n.* Distance from side to side, width : عرض – چوڑائی *(of a river)* پھاٹ *(of a wall)* اثار

Break, *v. t.* To part by violence : توڑنا * To violate : عہد شکنی کرنا * To interrupt ; to destroy : قطع کرنا – برباد کرنا * To tame : نکالنا – پالنا

——, *v. i.* To burst : ٹوٹ یا پھوٹ جانا * To come to view : نظر آنا * To become bankrupt : دیوالا نکلنا * To lose health : کمزور ہونا * **To—off,** to discontinue : بند کرنا * **To—up,** to separate : علیحدہ ہونا * **To—ground,** to begin : شروع کرنا * **To—the heart,** to afflict : رنج پہونچانا – دل دکھانا * **To—the ice,** to make a beginning : از سر نو شروع کرنا * **To—down,** to fail or to come down by breaking : بند ہو جانا * **To—forth,** to issue suddenly : یا ٹوٹ جانا * **To—bulk,** to unload : یکایک نکل پڑنا * **To—over,** to dash forth : جہاز کے اوتارنا * **To—a house :** نقب لگانا – سیند دینا * **To—in or upon,** to enter unexpectedly : نکلنا * **To—into,** to enter forcibly : اچانک آجانا * **To—out,** to issue forth : نکل پڑنا * To arise or spring up : پیدا ہوجانا – پھیلنا * **To—with,** to part friendship with : قطع تعلق کرنا * **To—news to one,** to communicate bad news to one gently : کسی کو اصطرح پر خبر بد سنانا جسمیں اسے صدمہ نہ پہونچے * **—of day,** dawn : صبح – تڑکا

Breakage, *n.* Act of breaking : شکستگی * An allowance for things broken in transportation. روانگی میں چیزوں کے ٹوٹ جانیکا معاوضہ منہائی باعث شکست ریخت

Breaker, *n.* One that breaks : توڑنے والا * A wave broken on a rock or on the shore چٹاں پر ٹکرانے والی لہر

Breakfast, *n.* The first meal in the day – حاضری – ناشتا * **Hope is a good—but it is a bad supper,** بھلی آس کلیرا بیاہو آس جی لہو

Breakneck, *a.* Violent, dangerous خطرناک – تیز تڑ – تھاشا

Break up, *n.* Dispersion ; dissolution انتشار – خاتمگی – بربادی – انہدام

Breakwater, *n.* A mole to break the force of the waves. لہر توڑ – پشتہ بند

——, *v. t.* To cleanse a ship's bottom. جہاز کے تیہے کو صاف کرنا

Breast, *n.* The bosom ; the mother's nipple سینہ – چوچی – پستان * The heart ; the conscience : دل – ضمیر – حس

——, *v. t.* To meet in front : سامنا کرنا – مقابلہ کرنا **To make a clean—,** to disclose fully and without reserve : طبیعت کا بخار نکالنا – صاف صاف کہڈالنا

Breast plate, *n.* Armour for the breast ; a strap that runs across a horse's breast : چار آئینہ – چاتی تک اونچا

Breath, *n.* The air drawn in and ejected out of the body ; respiration : سانس – دم * Life ; breeze : جان – ہوا * Respite ; an instant : ٹھہراؤ – فرصت – دم * A puff of wind : ہوا کی موج * A whiff : سگاری * Fragrance : لیت مہک * Word : بات * **To take away one's—,** to cause surprise. متعجب کرنا * **Under one's—,** very quietly ; بہت خاموشی سے – بالکل چپ چاپ

Breathe, *v. i.* To draw in and expel the air ; to live ; to utter softly : سانس لینا – جینا * *v. t.* To inhale ; to infuse ; to exhale ; to utter (softly) ; to divulge ; to allow to take a little rest : دم لینا – اندر پھونکنا یا * پھونکنا – نکالنا – اڑانا – فاش کرنا – سستانا یا دم لینے دینا **To—one's last,** to die : مر جانا – گذر جانا

Breathless, *a.* Out of breath ; spent with labour ; dead : بیدم – ہانپتا ہوا – مردہ

Breech, *n.* The lowest part of the body ; the club end of a gun : چوتڑ - بندوق کي پيندي

Breeches, *n.* Trousers : پاجامہ

Breed, *v. t.* To beget ; to bring up ; to educate : جننا - پرورش کرنا - تعليم دينا

——, *n.* Race or progeny, kind : نسل - ذات - قسم * Cross : دوغلا * Pure : کھرا - اصيل

Syn.- Engender, generate, produce.

Breeding, *n.* Nurture ; education : manners : پرورش - ترتيب - تہذيب

Breeze, A light wind ; a disturbance ; باد صبا - نسيم - رنجش

Brethren, *n. pl.* of **Brother** : بھائي - برادري

Brevier, *n* A small kind of printing type : ايک چھوٹے قسم کا ٹائپ

Brevity, *n* Conciseness, shortness : اختصار - کوتاهي - چھوٹائي

Brew, *v. t.* To make malt liquor : * بيوڑہ کشي کرنا *v. t.* To contrive ; to plot : تدبير کرنا - منصوبہ باندھنا

Brewery, *n.* A place for brewing : بھٹي - بيوڑہ خانہ

Bribe, *n* A reward given to corrupt or influence . رشوت - گھوس * *v. t.* To give a bribe : رشوت يا گھوس دينا

Bribery, *n.* The practice of giving or taking bribes رشوت خوري - رشوت ستاني

Brick, *n* A mass of burnt clay : خشت - اينٹ A regular -, a pleasant man : خوش مزاج آدمي

Brick-bat, *n* A piece of a brick : روڑا - ٹھيکرا

Brick-dust, *n* Dust made by pounding bricks : سرخي

Brick-kiln *n* A kiln for burning bricks : پزاوہ

Brick-layer, *n.* A mason : راج

Bridal, *n.* A nuptial festival ; marriage : - بياہ - عروسي - شاديانہ - بياہ - شادي

Bride, *n* A woman recently married, or engaged to be married : عروس - دلہن - بہو

Bridegroom, *n.* A man newly married, or about to be married : نوشہ - دولہا

Bridesmaid, *n.* A woman who attends on the bride : سہيلي

Bridge, *n.* A pathway erected over a river : پل * The upper part of the nose : ناک کا بانسا Flying—, * پيپوں کا پل Suspension—, جھولے کا پل

Bridle, *n.* The reins by which a horse is governed : لگام * A check : روک

——, *v. t.* To restrain or curb ; to hold in check : روکنا - لگام دينا - ضبط کرنا

Brief, *a.* Concise ; short ; contracted : - مختصر مجمل - سنکشيپ * I will be—, مختصر کہہ ديتا ہوں * In—, مختصراً

Brier, or **Briar,** *n.* A prickly shrub ; a wild rose : ايک کانٹے دار جھاڑي - سدا گلاب

Brig, *n.* A small square-rigged two-masted vessel : دو مستول والا جہاز

Brigade, *n.* A division of troops : فوج کا ايک بڑا دستہ جسميں کئي پلٹنيں ہوتي ہيں

Brigand, *n.* A robber ; a free-booter : لٹيرا - ڈاکو

Brigandage, *n.* Theft ; robbery ; plunder : چوري - ڈکيتي - رہزني

Bright, *a.* Shining ; transparent ; brilliant : اُجلا کرنا - شفاف - چمکيلا - جلادار - روشن

Brighten, *v. t.* To make bright ; to make lustrous ; to enliven ; to shed light upon ; to make hopeful : - اُجلا کرنا - چمکانا - جلا دينا روشن کرنا - خلوگر کرنا - پراميد کر دينا

Brightness, *n.* Brilliancy, lustre ; acuteness : چمک دمک - رونق - آبداري - تيزي - آب و تاب

Brilliancy, *n.* Splendour ; great brightness : تاب - چمک

Brilliant, *a.* Shining ; sparkling ; splendid : چمکدار - تابدار - آبدار

Brim, *n.* The rim or boder of any vessel ; the upper edge : کنارا * The brink of a river : * لب دريا To—over, to overflow : بہہ جانا To fill to the—, to fill to the top : لبالب بھرنا

Brimful, *a.* Full to the top : لبريز

Brimmer, *n.* A bumper : جام لبريز - ساغر لبالب

Brimstone, *n.* Sulphur : گندھک

Brindled, *a.* Spotted ; streaked : ابلق - کبرا

Brine, *n.* Saltish water ; the sea ; tears : آب شور - سمندر - آنسو

Bring, *v. t.* To fetch from; to conduct, to convey or carry to; to accompany; to induce: لے آنا ـ لانا ـ لے جانا ـ ساتھ ہونا * **To—about,** to accomplish: پایل کرنا * **To—to book,** to call to account; to reprimand: حساب لینا ـ لیکھا لینا * **To—down,** to lower; to abase: پھٹکارنا * **To—forth,** to produce; ذلیل کرنا ـ کم کرنا * **To—forward,** to produce to view or notice: پیدا کرنا * **To—in,** to introduce; to supply: پیش کرنا ـ نظر کرنا * **To—off,** to procure; to be acquitted: داخل کرنا ـ مہیا کرنا * **To—on,** to originate; جاری کرنا ـ چھوڑانا * **To—over,** to cause to change an opinion: شروع کرنا * **To—round,** to conciliate: راضی کرنا * To make well; رائے تبدیل کرنا * **To—to,** to stop: چنگا کرنا * **To—to pass,** to effect: ٹھہرانا ـ روکنا * **To—under,** to subdue: انجام دینا ـ کرنا * **To—up,** to educate: زیر کرنا ـ تابع میں لانا * to vomit: ترتیب دینا * قے کر دینا * **To—up the rear,** to follow: پیچھے چلنا * **To—to light,** to make clear: ظاہر کردینا

Brink, *n.* The edge, as of a precipice; the bank; the border: کنارہ ـ ساحل ـ کنارا

Brisk, *a.* Lively; full of spirit; active: چنچل ـ چست ـ پھرتیلا ـ تیز ـ چالاک

Brisket, *n.* The breast of an animal: جانور کا سینہ

Bristle, *n.* The stiff hair of swine: سُور کا بال

——, *v. i.* To stand erect like bristles: رونگٹے کھڑے ہونا

British, *a.* Pertaining to Great Britain: برطانیہ کا ـ انگریزی

Brittle, *a.* Easily broken; apt to break; fragile: کمزور ـ نازک ـ جلد ٹوٹنا

Broach, *v. t.* To pierce; to tap; to utter: چھیدنا ـ کھولنا ـ کہنا

Broad, *v.* Wide; extended; open: چوڑا ـ کشادہ ـ کھلا ہوا یا صاف

Syn.—Extensive, ample, comprehensive.

Broad-brimmed, *a.* Having a broad brim: چوڑے کنارہ کا

Broadcast, *a.* Widely spread; diffused: بکھرا ہوا ـ پھیلا ہوا

Broadcloth, *n.* A fine kind of woollen cloth: بانات

Broaden, *v. t.* To make broad: چوڑا کرنا ـ چوڑانا ـ کشادہ کرنا

Broadside, *n.* The side of a ship: جہاز کا ایک پہلو The discharge of all the guns on one side of ship: جہاز کے ایک پہلو کی کل توپوں کی باڑہ A sheet of paper printed on one side: ایک رخ چھپا ہوا کاغذ

Broadsword, *n.* A sword with a broad blade: تیغہ ـ کھرک

Brocate, *n.* A flowered silken stuff variegated with gold or silver: کمخواب ـ زربفت ـ تاش بادلا

Brochure *(bro-shoor),* *n.* A short pamphlet: رسالہ

Brocket, *n.* A red deer, two years old: دو برس کا لال ہرن

Brogue, *n.* A stout, coarse shoe; a dialectic pronunciation: کنواروں بول چال ـ گنوارو جوتا

Broil, *n.* A tumult; a noisy quarrel: جھگڑا ـ دنگا ـ فساد

Broil, *v. t.* To dress or cook by laying on the coals: بھوننا ـ کباب کرنا

Broken, *pp.* Parted by violence; infirm; crushed, subdued; bankrupt: ٹوٹا ہوا ـ شکستہ * **—down with misfortune:** کمزور ـ مفلوک ـ مطیع ـ دوالیہ پھوٹے حال ـ تباہ حال ـ خراب حستہ

Broken-hearted, *a.* Crushed by grief or despair: شکستہ خاطر ـ افسردہ خاطر

Broker, *n.* A commercial agent; middleman; a dealer in second hand goods: دلال ـ بچولیا ـ کباڑی ـ کہنہ فروش

Brokerage, *n.* Commission of a broker: دلالی ـ دستوری

Bronchial, *n.* Belonging to the throat: حلق کے متعلق

Bronchitis, *a.* Inflammation of the tubes of the wind-pipe: حلق کی سوجن ـ ذات الریہ

Bronze, *n.* A reddish-brown metal, compounded of copper and tin: کانسا ـ پیتل ـ پھول

Brooch, *n.* An ornamental pin, or small buckle: دھکدھکی * *v. t.* To adorn with jewels: جواہرات سے آراستہ کرنا

Brood, *v. i.* To sit on eggs ; to hatch : انڈے سینا * To ponder : غور کرنا * *n.* Offspring ; the number hatched at once : اولاد - جھول

Brook, *n.* A rivulet : ندی - ڈلہ * *v. t.* To bear ; to endure : برداشت کرنا - سہنا

Broom, *n.* A besom for sweeping : جاروب - بڑھنی

Broth, *n.* Liquor in which flesh has been boiled : شوربا - یخنی

Brother, *n.* One born of the same parents ; an associate : سگا بھائی - برادر - ہم صحبت

Brotherhood, *n.* Fraternity ; an association : بھائی چارہ - برادری - بھائی بند

Brother-in-law, *n.* The husband of a sister, or a wife's brother : بہنوئی - سالا

Brotherly, *a.* Like brother ; affectionate : برادرانہ - عزیز

Brow, *n.* The arch of hair over the eye : ابرو - تیور * The edge of any high place. کنارہ x The forehead : پیشانی

Browbeat, *v. t.* To bear down ; to humble, to disconcert ; to abash : - دھمکانا - جھڑکنا - دبانا سخت کلامی سے شرمندہ کرنا

Brown, *a.* Dusky ; inclining to red or yellow : بھورا - میگرون - بادامی

Brown-study, *n.* Deep meditation ; reverie ; absent-mindedness : غور - خوض - حالت بے خودی

Browse, *v. i.* To feed on the shoots and leaves of plants : چرنا - چگنا

Bruin, *n.* A bear : ریچھ - بھالو

Bruise, *v. t.* To crush or mangle by blow ; to contuse : کچلنا - کوٹنا * *n.* A hurt made by a blunt instrument : کوفتگی - چوٹ چپیٹ

Bruit, *v. t.* To report ; to noise abroad : مشہور کرنا - شور مچانا

——, *n.* A rumour ; a report : - شہرت - افواہ چرچا * Much bruit, little fruit (Great boast, little roast) : اونچی دوکان پھیکی پکوان

Brunette, *n.* A woman of a dark complexion : سانولی عورت

Brunt, *n.* A shock ; onset, blow : - صدمہ حملہ - چوٹ

Brush, *n.* A broom for sweeping : کونچی * A painter's pencil. بالرنکا قلم * A fox's tail : لومڑی کی دُم * A quick fight : دھاوے کی لڑائی

——, *v. t* To sweep with a brush. جھاڑنا - بہارنا * To move with haste : تیر چلنا x To - up, to polish : چمکانا * To improve : ترقی دینا * To - against, to knock against : ٹکرانا * To - up one's learning, آموختہ پھیرنا * To - or scamper off : کاور یا چمپت ہونا

Brushwood, *n.* Rough shrubby thickets : جھاڑی - جھاڑ جھنکار

Brusque, *a.* Rough : rude : بیہودہ - گنوار - اوجڈ

Brutal, *a.* Pertaining to a brute ; savage : حیوانی - وحشی - بے رحم

Syn. Cruel, inhumane, ruthless, barbarous.

Brutality, *n.* Inhumanity ; savageness : - سنگدلی بے رحمی - وحشت

Brutalize, *v. t.* To make savage : وحشی یا سنگدل بنانا

Brute, *n.* A beast : جانور * A cruel or an unreasoning man تند خو یا بے تمیز شخص

Brutish, *a.* Bestial ; savage ; unfeeling ; stupid : حیوانی - وحشی - بے رحم - بیوقوف

Syn. Ignorant, stupid, savage, cruel.

Bubble, *n.* A water bladder ; a delusive scheme. حباب - بُلبلہ - نا پائدار یا بے ثبات چیز

——, *v. i.* To rise in bubbles, to run with a gurgling noise : * بُلبلے اوٹھنا - گڑگڑاتے ہوئے بہنا *v. t.* To cheat ; to deceive : دھوکا دینا - فریب کرنا

Bubo, *n* A tumour in the groin : ہد - کُبھا * گلٹی

Buccaneer, *n.* A pirate : دریائی ڈاکو - سمندری ڈاکو

Buck, *n.* A male deer, a beau : ہرنا - بانکا - چھیل

Bucket, *n.* A vessel for drawing up water : ڈول - ڈولچی

Buckle, *n.* A frame with tongue or catch to fasten things together : بکسوا - پیٹی

Buckler, *n.* A shield : ڈھال - سپر *

——, *v. t.* To defend ; to support : - پناہ دینا بچانا - محافظہ کرنا - حمایت کرنا

Buckram, *n.* A coarse stiff cloth : کپ والا نیزا - میان تہہ

Bud, *n.* The first shoot of a plant ; a germ ; an undeveloped flower : غنچہ - کلی * *v. t.* To put forth buds : کلیانا

Syn.—Sprout, germinate, blossom

Buddhism, *n.* The religion of the greater part of Central and Eastern Asia called after its founder Buddha: بودھ مذھب

Budge, *v.* To move off; to stir; to walk away: سرکنا ـ ھلنا ـ ٹلنا

Budget, *n.* A bag; a store: * کیسہ - ذخیرہ The annual financial statement: مُلک کي آمدني و خرچ کا سالانہ حساب

Buff, *n.* Leather prepared from buffalo or other skins; military coat; yellow colour: * بھینس کا چمڑا - سپاھیانہ پوستین - زرد رنگ In buff, آستین چڑھا کر * To stand in—, ننگا - برھنہ ھونا * *a.* Light yellow: خفیف زرد رنگ کا کھرا ھونا

Buff, *n.* A buffet; a blow: * مکا - گھونسا *v. t.* To strike: مارنا

Buffalo, *n.* A species of the ox: بھینس

Buffer, *n.* A contrivance affixed to railway carriages to break the force of a collision: ٹھاپي - ریل گاڑي کي ٹکر روکنے والي چیز

Buffet, *n.* A blow with the fist; a slap: گھونسا - تھپڑ

Buffoon, *n* A low jester: مسخرا

Buffoonery, *n.* Low jests; mimicry: مسخرا پن - نقالي

Buffoonize, *v. i.* To play the fool: ٹھٹھولي کرنا

Bug, *n.* An ugly insect infesting beds, houses, &c.: کھٹمل

Bug-bear, *n.* A false terror; an idle phantom. جھوٹي ڈرانیوالي شے - لولو - ھوا

Buggy, *n.* A four-wheeled vehicle: چار پہیئے کي گھوڑا گاڑي - بگھي

Bugle, *n.* A musical wind instrument: - بگل ترسنگھا

Bugle-horn, *n.* A hunting horn: ترھي - شکاري ترسنگھا

Build, *v. t.* To raise; to construct; to establish; to strengthen: - بنانا ـ تعمیر کرنا ـ اُٹھانا * To—castles in the air, قایم کرنا - قوت دینا to form impracticable schemes: خیالي پلاؤ * To build on, پکانا - من کے لڈو پھوڑنا بھروسہ رکھنا (as: Never *build* on mere hopes or expectation: * (محض امید پر کبھي بھروسہ نہ کرنا Of a fine build, بڑا خوش قطع یا خوش اسلوب (as: He is a man of fine *build*: وہ بڑا خوش قطع آدمي ھے) * A man of powerful build, قوي ھیکل آدمي

Building, *n.* The act of constructing; an edifice: تعمیر - عمارت - مکان

Bulb, *n.* A round scaly root, as onion, tulip, &c.: گانٹھہ - پوتھي - (of a thermometer) بت کرتھي

Bulbous, *a.* Having or pertaining to bulbs or a bulb: گٹھیلا - گانٹھدار

Bulge, *n.* The protuberant part of a cask; a protuberance: * پیپے کا پھولا ھوا حصہ - ابھرن *v. t.* To swell or jut out: پھولنا ـ ابھرنا

Bulk, *n.* Magnitude; size, mass; the largest part; the greatest number: جسامت ـ قد ـ مقدار - بڑا حصہ یا تعداد

Bulk-head, *n.* A partition made across a ship with boards: جہاز میں تختوں کي دیوار

Bulky, *a.* Of great size; large: - بڑا - قدآور جسیم - رخامت کا

Bull, *n.* The male of bovine animals: * سانڈ A blunder: * پوپ کا حکم A papal edict: * خرافات A paradox: * غلطي An absurdity: ظاھر میں تو بات ھو لیکن غور کرنے سے درُستي صحیح معلوم ھو

Bull's-eye, *n* گول روشندان - حدف کا بیچ یا مرکز

Bull-dog, *n.* A dog of particular form remarkable for his courage: بڑا چوڑے مُنھہ کا کتا

Bullet, *n.* A small ball: گولي

Bulletin, *n.* An official report: کیفیت یا ضابطہ

Bull-finch, *n.* A singing bird: ایک گانیوالي چڑیا

Bullion, *n.* Gold or silver in the lump: چاندي یا سونے کي اینٹ

Bullock, *n.* A young bull; an ox: - بیل بدھیا - نر گاؤ

Bully, *n.* A noisy, quarrelsome fellow; a blusterer; a hector: - کلہ زن - لڑاکا - کلاّ دراز اکھڑوں

——, *v. t.* To overbear with menaces; to threaten: جھڑکنا ـ دھمکانا

Bulwark, *n.* A fortification; a rampart: کوٹ ـ قلعہ ـ شہر پناہ

Bumbailiff, *n.* A bailiff of the lowest kind: نائب ناظر

Bumblebee, *n.* A humble bee : بھونرا

Bump, *n.* A swelling : سوجن - گومڑا * A heavy blow : ٹکر - صدمہ

——, *v. t.* To strike against anything large or solid ; to come in collision : - ٹکرانا - ٹھونکنا دھکا لگانا یا دینا

Bumper, *n.* A cup or glass filled to the brim : جام لبریز

Bumpkin, *n.* A clown ; an awkward person : گنوار - دیہاتی - خدۂ ناتراشیدہ

Bun, *n.* A small sweet cake . چھوٹی میٹھی پکوڑی

Bunch, *n.* A hard lump ; a cluster ; a knot : گانٹھ - کچھا - گرہ

Bundle, *n.* A number of things bound together , a pack , a parcel : گٹھا - گٹھری - پوٹلی

Bundle, *v. t.* To tie in a bundle ; to put up together ; to send away : گٹھری باندھنا * To—off out, to turn out : نکال باہر کرنا

Bung, *n* A stopper for a barrel : ڈاٹ - گٹا

Bungalow, *n.* A house or cottage of a single floor which is either thatched or tiled . بنگلہ-گھر

Bungle, *v. t.* To work clumsily ; to botch : پھوہڑپنے سے کرنا - بگاڑنا

Bungler, *n.* A bad workman : اناڑی - کام بگاڑنے والا - پھوہڑ

Buoy, *n.* A floating mark to point out danger ; a float : لنگر نما پانی پر تیرنے والا نشان تیرتا رکھنا - ترندہ - شناور * *v. t.* To keep afloat : سنبھالنا

Buoyancy, *n.* The quality of floating : پانی یا ہوا میں بہنے کی خاصیت * Light-heartedness ; vivacity : زندہ دلی - خوش طبعی

Buoyant, *a.* That which will not sink , light : ہلکا - سُبک

Burden, *n.* A load : بوجھ * A chorus : الاپ * Cargo : بار جہاز * Something grievous : وبال جان - ناگوار شے * —of proof, بار ثبوت * The main theme : اصل مضمون * *v. t.* To load : لادنا To oppress : ظلم کرنا

Burdensome, *a.* Grievous , troublesome : دُشوار - تکلیف دہ

Syn.—Heavy, onerous, ponderous, oppressive.

Bureau (*buro*), *n.* A desk with drawers for papers ; an office ; a department : لکھنے کی میز - دفتر - سرشتہ

Bureaucracy, *n.* A system of departmental government : سرشتہ کی حکومت - اہل کاروں کا راج

Burgeois, *n.* A citizen ; a printing type : رئیس - ایک قسم کا حروف

Burgess, Burgher, *n.* A citizen ; a representative : رئیس - قائم مقام

Burgh, *n.* A corporate town ; a borough : وہ قصبہ جسکو پارلیمنٹ میں ممبر بھیجنے کا اختیار ہو

Burgher, *n.* A citizen : شہر یا قصبہ حقدار کا آزاد باشندہ

Burglar, *n.* A nocturnal house-breaker : نقبزن - سیند لگانیوالا

Burglary, *n.* House-breaking by night : نقب زنی - سیند

Burial, *n.* The act of burying ; interment ; a funeral : دفن کرنا - تجہیز و تکفین

Burin, *n.* A tool for engraving : نقش کرنے کا آلہ

Burke, *v. t.* To murder by suffocation : گلا گھونٹ کر مار ڈالنا * To dispose of quietly : - دبا رکھنا چھپانا * Suppress : دبا رکھنا - چھپانا

Burlesque, *n.* A ludicrous representation : ہنسانیوالی نقل

Burly, *a.* Of great bulk ; stout : قدآور - مستنقا

Burn, *v. t.* To consume with fire , to scorch جلانا - جھلسانا

——, *v. i.* To flame ; to glow : * جلنا - بھڑکنا To be inflamed with passion or love : جوش میں ہونا * To—one's fingers, to get oneself into unexpected trouble : بیٹھے بیٹھائے کسی آفت میں پھنس جانا * To—daylight, to waste time : وقت ضایع کرنا * To—the candle at both ends, to overtax one's energies : سخت محنت سے اپنی تندرستی میں خلل ڈالنا

Burning, *n.* On fire ; excessively hot ; glowing ; intense ; exciting fervid interest. جلتا - سوزاں - ازحد گرم - دمکتا - تمتماتا - شدت کا - اشد جوش پیدا کرنے والا - حاد فیصلہ طلب - متقاضی

Burning-glass, *n* A glass which collects or condenses the rays of the sun : آتشی شیشہ

Burnish, *v. t.* To make smooth and bright; to polish: جھلکانا - صیقل کرنا - چمکدار کرنا

Burrow, *n.* A rabbit's hole: بل - سوراخ - بھٹ

——, *v. i.* To make a hole in the ground to live in; to mine; to hide: بل بنانا - کھودنا - چھپنا

Bursar, *n.* A college treasurer: کالج کا خزانچی

Burst, *v. t.* To break or rend by violence; to force open: ٹوڑنا - پھاڑنا - پھوڑنا - ٹوکانا - چٹکانا

——, *v. i.* To fly asunder; to explode, to appear suddenly and unexpectedly: پھٹنا - ٹوٹنا - ٹوکنا - شق ہونا - پھوٹ نکلنا * To—forth, to issue forth suddenly: نکل پڑنا * To—upon, to come upon violently: ٹوٹ پڑنا * To—open, to break open: کھل پڑنا * To—into tears, to weep bitterly: پھوٹ پھوٹ کر رونا

——, *n* A sudden outbreak; an explosion: پھوٹ - ٹوک - کڑک

Bury, *v. t.* To inter; to put into a grave: گاڑنا - دفنانا - مٹی دینا

Syn. Entomb, inhume, cover, conceal.

Burying-ground, *n.* A graveyard; cemetery: قبرستان - مرگھٹ

Bush, *n.* A thick shrub; a tavern sign. جھاڑی - شراب خانہ کا نشان * Good wine needs no bush مشک آنست کہ خود ببوید نہ کہ عطار گوید

Bushel, *n* A measure of 32 seers: بتیس سیر کا وزن

Bushy, *a* Thick; full of bushes: گھنا - جھاڑ دار

Business, *n* Employment; occupation; transaction, mercantile office; duty: کام - شغل - بیوپار - کار و بار - پیشہ - فرض * Business is the salt of life, شغل زندگی کی جان ہے * To mind one's own—, اپنے کام سے کام رکھو * Thriving—, چلتی دوکان یا روزگار

Syn.—Affair, concern, matter, engagement, occupation, profession.

Business-like, *a.* Methodical; practical: اچھا - خاصہ - خوب

Buskin, *n.* A kind of half boot: ایک قسم کا گرگابی اونچی ایڑی کا جوتا

Buss, *n.* A kiss: بوسہ - چوما - بُکّی

Bust, *n.* A statue representing the human figure up to the breast: انسان کی ہیئت سر سے سینہ تک

Bustard, *n.* An ostrich-like bird: ایک شتر مُرغ کی قسم کا پرند

Bustle, *v. t.* To stir quickly; to be very busy: دوڑ دھوپ کرنا - کام میں جوتنا

——, *n.* Great stir; hurried activity: ہڑبڑی - دوڑ دھوپ

Busy, *a.* Occupied with employment, diligent; bustling: مصروف - محنتی مشغول

Syn.—Active, industrious, lively.

Ant.—Inactive, dull, idle, careless.

But, *prep.* Except; leaving out: * سوائے - چھوڑ کر *ad.* Only; merely; simply: صرف - فقط

But, *conj.* Except; save that; on the contrary; otherwise than that; only; yet; unless: لیکن - الا - ماسوائے - بجز - بر خلاف اسکے - بلکہ - صرف - فقط - تاہم

Butcher, *n.* One who slaughters animals for market: قصاب - بوچر

——, *v. t.* To slaughter for sale; to murder cruelly: ذبح کرنا - حلال کرنا - گردن مارنا

Butchery, *n.* Barbarous slaughter; a slaughter-house: خوں خرابہ - قتل - بوچڑ خانہ

Butler, *n.* A servant employed in furnishing the table, the head servant; bottle or cup-bearer: خانساماں - آبدار

Butt, *n.* A mark; a target: نشانہ - حدف - چاند A large cask: بڑا پیپہ * An object of ridicule. وہ جسکی ہنسی کیجاوے - کھلونا * A limit: حد * The thick end of a musket: کندا * A blow given by a horned beast: دھکا - رگڑ - ہدا

Butter, *n.* A substance obtained from cream: مکھن - نبنور * Butter is gold in the morning, silver at noon, and lead at night, لقمۂ صباحی بہ از مُرغ و ماہی

——, *v. t.* To dress with butter: مکھن لگانا - چپڑنا * He knows which side his bread is buttered. وہ جانتا ہے کہ کس سے اسکو فایدہ ہے

Butterfly, *n.* A beautiful winged insect : تتلي - پروانه

Buttermilk, *n.* The milk that remains after the butter is separated from it : مٹھا - چھاچھ

Buttery, *n.* A room where provisions are laid up : بھنڈار - مودي خانه

Buttock, *n.* The rump; the part near the tail : چُوتڑ - پٹھا

Button, *n.* A catch of metal to fasten dress, &c. ; a knob : بُرّام - بٹن - تکمه - گھنڈي

Buttonhole, *n.* The hole in which a button is caught : کاج - حلقه

Buttress, *n.* A pier built to support the main wall : پشته

Buxom, *a.* Gay; frolicsome; healthy : خوش طبع - چنچل - تندرست

Buy, *v. t.* To purchase : خریدنا - مول لینا * To bribe : رشوت دینا * To—off, to purchase the non intervention of . رشوت دیکر کسي کي مداخلت سے بچنا * To—on credit, to make purchases on promise of paying afterwards : اودھار لینا * To—over, to detach by a bribe from one party towards the other : رشوت دیکر ملا لینا * To—and sell, to betray : پکڑا دینا

Buzz, *v. t.* To whisper ; to spread secretly پھسپھسانا - کانا پھوسي کرنا

——, *v. i.* To make a low, continuous, humming sound : بھنبھنانا * *n.* The noise of a bee or fly ; a hum : بھنبھناهٹ - گونج

Buzzard, *n.* A species of hawk ; a blockhead : بیوقوف * شکرا - احمق - گاؤدي - بھوندو * *v.* Stupid :

By, *ad* Near ; aside : نزدیک - پاس

——, *prep.* At ; in ; near ; along with ; by means of : سے - میں - قریب - ساتھه - ذریعه - سے * —fits and starts, - یکایک معرفت - ازروے * —hook or by crook, جیوں تیوں * موج سے - باعتبار * —virtue of, کرکے - کھینچ تان کے * بعنایت آپکي بدولت —your bounty,

By-all-means, *ad.* Certainly : بالضرور

By-and-by, *ad.* In a short time ; presently : تھوڑے عرصه میں - جلد

By-gone, *a.* Past : گذرا هوا - گذشته

By-lane, *n.* A secluded lane : بگلي - کوچه - گلیا

By-law, Bye-law, *n.* A private rule or order of a society : قاعدهٔ مخصوص

By-name, *n.* A nick name : بُلانے کا نام - تحقیر کا نام

Byre, *n.* A cow-house : گوشالہ

By-path, *n.* A side path : پگڈنڈي

By-stander, *n.* One who stands near ; a spectator : پاس کھڑا هونے والا - تماشبین

By-the-bye, By-the-way, } *ad.* Incidentally : قطع کلاماً - خیر

By-way, *n.* A side street : گلي کوچه

By-word, *n.* A saying ; a proverb : کہاوت - مقوله - ضرب المثل

C.

Cab, *n.* A covered carriage drawn by one house : ایک گھوڑے کي چھتدار گاڑي

Cabal, *n* A junto ; an intrigue ; a plot : بندش - سازش * *v. i.* To form plots : - بندش کرنا سازش کرنا

Cabalistical, *a.* Mysterious ; secret : پوشیدہ

Cabaret, *n.* A tavern : میخانه - بال خانه

Cabbage, (L. *caput*, the head) *n.* A vegetable with a large head used for food : گوبي * *v. t.* To steal in cutting clothes ; to pilfer : کاٹ چھانٹ میں کپڑا چُرانا - اُڑانا

Cabin, *n.* A small room ; an apartment in a ship : کوٹھي - کمرہ

Cabinet, *n.* A closet : کوٹھري * The select counsellors of government : چیدہ مشیران سلطنت * An almirah : آلماري

Cable, *n.* A rope or chain used to restrain a vessel at anchor : * جہاز کا رسا یا زنجیر Submarine telegraph wire : سمندر کا برقي تار

Caboose, *n.* The cooking-room of a ship : جہاز میں کھانا پکانے کا کمرہ

Cabriolet, *n.* A small one horse carriage : ایک گھوڑے کي کھلي هوئي چھوٹي گاڑي

Cacao, Cocoa, *n.* A species of palm tree and its nuts : ناریل - گری

Cachet, (*Fr.*) *n.* A sealed letter : مُہر شدہ خط

Cachexy, *n.* A bad state of body : جسم کی خراب حالت

Cachinnation, *n.* Loud laughter : قہقہہ - ہنسی

Cackle, *v. i.* To make a noise like a goose or hen : کو کو کرنا - کوکڑانا

Cactus, *n.* A tropical prickly-leaved plant : ناگ پھنی - تھوہڑ

Cad, *n.* A low-bred, vulgar man : - سفلہ - کمینہ پاجی

Cadastral, *a.* Pertaining to landed property : متعلق جایداد غیرمنقولہ

Cadaver, *n.* A corpse : لعس

Cadaverous, *a.* Ghastly; pale; deathlike : زرد - مُردہ سا

Cadence, *n.* A fall of voice in reading or speaking : لہجہ - دُھن - آواز کا اُتار چڑھاؤ - تال

Cadet, *n.* A younger brother : * چھوٹا بھائی A young man in a military school : جنگی مدرسہ کا طالبعلم

Cadi, *n.* A Turkish magistrate : قاضی

Cafe, *n.* A coffee-house : قہوہ خانہ

Caftan, *n.* A Persian garment : ایرانی پوشاک

Cag, *n* A small cask : کُپی

Cage, *n.* An enclosure of twigs or wire for confining birds ; a prison : - پنجرہ - قید خانہ قفس

Cage, *v. t.* To confine in a cage ; to shut up : قید رکھنا - پنجرے میں بند کرنا

Cairn, *n.* A conical heap of stones built as a memorial : پتھروں کا قبر پر گاڑدم ڈھیر - مزار

Caitiff, *n* A mean, despicable person : - کمینہ بد ذات - ملعون

Cajole, *v. t.* To deceive by flattery ; to coax ; to wheedle : پھسلانا - خوشامد کرنا - دم دینا

Cajolery, *n.* A wheedling ; flattery ; coaxing tricks : چاپلوسی - خوشامد - پھسلا لینے کے فن و فریب

Cake, *n.* A kind of delicate bread : ٹکیا - چپاتی

Calabash, *n.* A gourd-shell dried : تونبا - لوکی

Calamitous, *a.* Distressing ; miserable : آفت رساں - مصیبت زدہ

Syn.—Disastrous, distressful, afflictive.

Calamity, *n.* A great misfortune ; mishap : آفت - بلا - مصیبت

Syn.—Disaster, downfall, ruin.

Ant.—Success, blessing, prosperity.

Calcareous, *a.* Containing chalk or lime : کھڑیا کا - چونے کا

Calcination, *n.* Act of pulverizing by fire : پھونکنا - جلانا - رسائن کا بنانا

Calcine, *v. t.* To reduce a substance to powder by heat : راکھہ کرنا - برادہ بنانا - گُشتہ کرنا - رسائن بنانا

Calcitrate, *v. t.* To spurn ; to kick : - لتیانا لات مارنا

Calculable, *a.* Computable : قابل شمار

Calculate, *v. t.* To reckon ; to compute ; to estimate : شمار کرنا - تخمینہ کرنا - گننا

Calculation, *n.* The act of calculating ; computation : گنتی - شمار - تخمینہ

Calculator, *n.* A reckoner : شمار کنندہ - محاسب

Calculous, *a.* Stony ; gravelly ; gritty : پتھریلا کنکریلا

Calculus, *n.* A hard concretion in the bladder : پتھری * A method of computation : گھوڑی - گنتی

Caldron, *n.* A large kettle ; a boiler : - دیگ کڑاہی

Calefacient, *n.* A substance that excites warmth ; heating : گرمی پھونچانے والی شے

Calefaction, *n.* The state of being heated : تپش - حرارت - گرمی

Calendar, *n.* A yearly register ; an almanac : تقویم - پترہ - جنتری

Calender, *v. t.* To dress cloth by hot pressing : اِستری کرنا - گھونٹنا

Calf, *n.* The young of a cow : بچھڑا * The thick part of the leg below the knee : پنڈلی-ساق

Calibre, *n.* The diameter of the bore of a gun . - بندوق یا توپ کے نال کی چوڑائی * Mental capacity : * قابلیت - قوت دماغ

Calico, *n.* Printed cotton cloth (first got from Calicut) : دریس - چھینٹ

Calidity, *n.* Burning heat : گرمی - سوزش

Caligraphy, *n.* Elegant penmanship : خوشنويسي

Caliph, *n.* A title assumed by the successors of Mohamed : خليفه

Callisthenics, *n. pl.* Exercises for the purpose of promoting gracefulness as well as strength of the body : جسم كي طاقت اور خوبصورتي بڑھانے کے لئے ورزش - کثرت زناني

Calix, *n.* A flower cup : پھول کا پیالہ

Calk, *v. t.* To stop the leaks of a ship : جہاز كي درزيں بند كرنا

Call, *v. t.* To name; to summon or invite; to convoke; to cry out; to appeal to; to admit; to awaken : نام رکھنا - بُلانا - بولنا - پکارنا * To—names, to abuse : گالي دينا * To—out, to challenge : للكارنا - فرياد كرنا - چلانا * To—to mind, to recollect : ياد كرنا * To—to the bar, to admit as a barrister or advocate : وكالت ميں نام درج كرنا * To at, to visit a place : كسي مقام پر جانا * To—on or upon, to visit : ملنے جانا * to invoke : دُعائي دينا - بُلانا * To—for, to demand : طلب كرنا - مانگنا * To—in, to invite : بُلانا * To—up, to remember . ياد كرنا * To—to mind, to recollect : ياد آنا - ياد كرنا * To—together, to bring together by a call : بلانا - اكٹھے كرنا * To—to arms, to order arms : مسلح هونيكا حكم دينا * To—in question, to challenge ; عذر كرنا - اعتراض كرنا * To—out, مقابله چاهنا - خم ٹھوكنا * To—to account, to demand explanation of : مقابله چاهنا

——, *n.* A summon or invitation ; requisition ; demand ; a divine vocation , a short visit : بلاوا - فيصلا - پكار - حكم - حكم الهي - ملاقات

Calligraphy, *n.* Fine penmanship . - خوش نويسي - حوس خطي

Calling, *n.* Profession ; employment . پيشه - خاندانی پيشه - شغل - كار * Ancestral—, بزرگوں كا پيشه

Callosity, *n* A hard swelling without pain : گلٹي - گٹھه - ٹھيٹا

Callous, *a.* Hardened . insensible : سنگ دل - سخت - كٹھور

Syn. Obdurate, hard, unfeeling

Callow, *a.* Unfledged ; wanting feathers ; naked : بے بال و پر - گيدا - ننگا - سمن - ناتجربه كار

Calm, Calmness, *n.* Tranquillity ; stillness serenity ; composure ; repose : - خاموشي - سُكون قرار - قيام - آرام - راحت

——, *a.* Quite ; still : - خاموش - استهر - ٹهرا هوا - سنسان - هوا بسته * *v. t.* To still ; to pacify . to appease ; to allay : - ٹهرانا - خاموش كرنا - ٹهنڈا كرنا - دهيما كرنا - فرو كرنا - تسكين دينا

Calmly, *ad.* Without violence ; quietly : خاموشي سے - چپكے سے

Calomel, *n.* A preparation of mercury, used in medicine : پارے كا كشته

Caloric, *n.* Supposed element of heat : مادهٔ گرمي - حرارت

Calorific, *a.* Causing heat : حرارت پيدا كرنے والا

Calorimeter, *n.* An instrument to measure the quantity of heat generated in a body حرارت ناپنے كا آله

Caltrop, *n.* گوكهرو

Calumet, *n.* An Indian pipe : حقه - نرشي

Calumniate, *v. t.* To charge falsely ; to slander : تهمت لگانا - بدنام كرنا - غيبت كرنا - بهتان جوڑنا يا باندهنا

Syn.—Vilify, malign, defame.

Calumniation, *n.* False accusation : تهمت - الزام

Calumnious, *a.* Injurious to reputation . slanderous : تهمت انگيز - كلنكي

Calumny, *n.* A false charge to hurt some one بدنامي - تهمت

Sny. - Slander, defamation, libel.

Calve, *v. i* To bring forth a calf : بياننا - بچهٔ دينا

Calvity, *n.* Baldness of the head : گنجاپن

Spirit, *n.* Breath ; the soul : روح - جان - دم * A ghost : آسیب - بھوت * Animation : جان * Vivacity : زندہ دلي * Enthusiasm ; courage : مزاج - جوش - سرگرمي - دلیري * Good humour : طبیعت * The essential part of anything ; essence : جوہر - سب - ھیر * Real meaning : اصل معني * A distilled liquor : عرق - شراب

To pluck up spirits, ھمت باندھنا - ڈھارس باندھنا * To lose —, ھمت ھارنا

Syn. 1 Apparition, phantom, spectre.
2. Liviliness, warmth, glow.
3 Earnestness, ardour, enthusiasm, zeal.

——, *v. t.* To animate ; to excite ; to encourage : ھمت بڑھانا - جرات دینا * To kidnap : پھسلانا

Spiritual, *a.* Not material ; incorporeal ; mental ; religious ; pertaining to the moral feelings : روحاني - غیر جسماني - نفساني - اندروني - باطني - دیني - مذھبي - پاک صاف

Spiritualism, *n.* Spiritual character : روحاني خاصیت * The doctrine of the existence of spirit distinct from matter : یہ اصول کہ روح کا وجود مادي اجسام سے علیحدہ ہے * Belief that deceased persons can be communicated with a spiritual medium . روحاني ذریعہ سے مردوں سے بات چیت کرسکنے کا عقیدہ .

Spirituality, *n.* An ecclesiastical body : دیني جماعت

Spiritualize, *v. t.* To render spiritual : روحاني بنانا - لطیف کرنا

Spirt, *v.t.* To throw out in a stream : - فوارہ نکالنا - پھوار نکالنا - کي کرنا * *n.* Sudden ejection : پھوار

Spiry, *a.* Spiral ; pyramidal : پیچدار - بشکل مینار

Spissated, *a.* Thickened : موٹا - گاڑھا

Spissitude, *n.* Thickness of soft substances : گاڑھا پن

Spit, *n.* A pointed iron prong or bar on which meatis roasted : سیخچہ - سیخ * Saliva : تھوک * *v. t.* or *i.* To put upon a spit : سیخ میں کودنا To throw out saliva from the mouth : تھوکنا

Spite, *n.* Malice ; rancour ; hatred : - بغض کینہ - عداوت In—of, in defiance of ; notwithstanding : بخلاف - باوجود - تسپر بھي * *v. t.* To hate ; to treat maliciously ; to thwart ; to vex : بغض رکھنا - کینہ رکھنا - مخالفت کرنا - دق کرنا

Spiteful, *a.* Full of spite ; malicious : پر کینہ - کینہ ور

Spitfire, *n.* An irascible person : غصہ ور آدمي

Spittle, *n.* Saliva ; moisture of the mouth : - تھوک رال - لعاب

Spittoon, *n.* A vessel to receive spittle : - پیکدان اوگال دان

Splash, *v. t.* or *i.* To spatter with water or mud ; to strike and dash about water : پاني یا کیچڑ کي چھینٹیں ڈالنا - چھینٹیں اُڑانا - گھنگھولنا

Splashy, *a.* Wet ; dirty : کیچڑیلا - میلا

Splay, *a.* Spread ; turned outward : پھیلا ھوا - باھر کي طرف جھکا ھوا

Splay-footed, *a.* Having the foot turned outward : جسکے پیر باھر کي طرف پھرے ھوئے ھوں

Spleen, *n.* The milt : طحال - تلي - سپرز * Anger ; ill-humour ; melancholy : - غصہ - غضب رنج - ملال

Spleeny, *a.* Angry ; peevish ; melancholy : غصہ ور - تند خو - چڑچڑا - ملول - رنجیدہ

Splendent, *a.* Shining ; bright ; illustrious : منور - روشن - تاباں

Splendid, *a.* Shining ; magnificent ; illustrious : منور - روشن - عالیشان - عظیم‌الشان - دھوم دھام کا

Splendour, *n.* Great brightness ; magnificence ; pomp : روشني - جاہ و جلال - شان و شوکت - رونق

Splenetic, *a* Peevish ; gloomy ; angry : تلخ - * *n* A person affected with spleen : طحال کا مریض

Splice, *v. t.* To join together the ends of a rope : جوڑنا - سانٹنا - دو رسیوں کو بغیر گانٹھ دیئے جوڑنے * To—the main brace, عمل پانی کرنا - کے لئے نشہ پانی کرنا

Splint, *n.* A thin piece of wood to hold a broken bone when set : کھپاچ * *v. t.* To fasten with splints : کھپاچ باندھنا

Splinter, *n.* A thin piece of wood : - کھپاچ - چھیٹی - ترچ

Split, *v. t.* or *i.* To divide lengthwise ; to rend ; to burst : * To —hairs, to be too critical : - بال کی کھال چیناچینا * To—upon, to divulge a secret : وشگافی کرنا - باریک بینی کرنا * To—on a rock, راز فاش کرنا * امیدیں اور مقاصد خاک کر بیٹھنا - مہلک غلطی کر بیٹھنا To make all—, *n.* بڑا تراڑ یا شور مچانا Fissure ; separation : - شق - دراڑ - شگاف - چیر جدائی

Splutter, *n.* A bustle ; stir ; tumult : - رول چول * *v. t.* To speak hastily and confusedly : جلد جلد اور بے ٹھکانے بولنا

Spoil, *v. t.* or *i.* To plunder ; to vitiate ; to ruin ; to decay : - لوٹنا - غارت کرنا - بگاڑنا - خراب کرنا * You must—before you spin, *آدمی کچھ کھوئے کچھ پائے Pillage ; robbery ; corruption : - لوٹ غنیمت - تاراج - ڈکیتی - بربادی - ابتری

Spoke, *n.* The radius of a wheel : * پہیئے کا آرا The round of a ladder : * سیڑھی کا ڈنڈا - آرا - روک To put a—in one's wheel, چلتی گاڑی میں روڑا اٹکانا - کسی کے کام میں معترض ہونا - کام چلنے نہ دینا

Spokesman, *n.* One who speaks for another : جو دوسرے کی طرف سے بولے - عرض بیگی

Spoliation, *n.* Plunder ; pillage : - لوٹ - ڈاکا غارتگری

Spondee, *n.* A poetic foot of two long syllables : دو رکن کا ایک وزن

Sponge, *n.* A soft porous marine substance : اسپنج یا اسفنج - مسوا - بادل * A mean sycophant : خوشامدی نگوڑنکر خور - طفیلیا - لقمہ جو * To throw up the—, ہار مان لینا * Sponge cake, کھچلا - اسفنجہ * *v. t.* To cleanse with a sponge : اسپنج سے صاف کرنا * To live by mean arts : حقیر وسیلوںسے زندگی بسر کرنا

Spongy, *a.* Of an easily compressible texture : نرم - پولا - پاپلا

Sponsor, *n.* A godfather ; a surety : - دھرم باپ بدل ضامن - ضامن

Spontaneity, *n.* Voluntariness ; willingness : خود اختیاری - رضامندی - خود متحرکی

Spontaneous, *a.* Of one's own free will ; voluntary : اختیاری - منمانی - طبع زاد - خود رو

Spool, *n.* A hollow cylinder used by weavers, etc. : جولاہو نکی چرخی - اقیرن - پرنیا *v. i.* * To wind on spools : چرخی پر چڑھانا

Spoon, *n.* A small ladle for taking up liquids : چمچہ * A soft simple fellow : کھرچنا - ٹوڑی - پتلا کھانا - لپسی - ھریرا * —meat, سادہ ادرح

Spoonful, *n* The quantity which a spoon is able to contain : چمچہ بھر - کرچھی بھر

Spoony, *a* Simple ; silly ; being in love : سادہ لوح - بیوقوف - عاشق

Sport, *n* Pastime : کھیل * Mirth : چہل - تفریح * Fun : ٹھٹھا * Mockery : تماشا * ہنسی - مذاق Hunting . شکار * In —, مزاقن *v. t.* or *i.* To divert ; to play ; to make merry ; to exhibit : خوش کرنا - کاول کرنا - کھیلنا - ہنسی ٹھٹھا کرنا - نمایش کرنا

Sportive, *a.* Gay ; merry ; playful . - خوش طبع بشاش - کھلاڑی - چنچل زندہ دل

Sportsman, *n.* One who pursues field sports : شکاری

Spot, *n.* A stain : داغ - دھبہ * A place : جگہ * Disgrace : بدنامی - کلنک * Upon the—, immediately : - فی الفور - اسیجگہ - وہیں *v. t.* To stain ; to mark ; to tarnish : دھبہ ڈالنا - نشان قائم - داغ لگانا - کلنک لگانا

Spotless, *a.* Free from stain or impurity ; pure ; immaculate : بے داغ - صاف - پاک

Spotty, *a.* Full of spots : - دھبےدار - داغدار چتےدار

Spousal, *a.* Nuptial ; bridal ; conjugal : - نکاح کا * *n.* شادي کا - بیاہ کا - متعلق بہ شوہر و زوجہ Marriage : شادي - بیاہ - نکاح

Spouse, *n.* A husband or wife : خصم یا جورو

Spout, *n.* A pipe ; a projecting mouth of a vessel : ٹونٹي - نل * Water spout : پاني جو سمندر میں فوارہ کي طرح اوٹھتا ہے *v. t.* * To issue out of a narrow orifice : فوارہ کي طرح پاني چھوڑنا - اوچھالنا

Sprain, *n.* A violent strain of the muscles or ligaments of a joint without dislocation : - مروڑ * *v. t.* To overstrain the ligaments of joint : مروڑنا - موڑنا - مروڑ کھلانا

Sprat, *n.* A small fish of the herring family : ایک قسم کي چھوٹي بحري مچھلي

Sprawl, *v. i.* To lie with the limbs stretched out ; to spread irregularly : ھاتھ پانو پھیلاکر لیٹ جانا - چت پڑنا - پھیلنا - بکھیرنا

Spray, *n.* A small shoot or branch : ٹہني - سر - شاخ - جھونرا - سمندر کا پھین * The foam of the sea :

Spread, *v. t.* or *i.* To extend in all directions ; to unfurl ; to divulge : - پھیلانا - بچھانا - بڑھانا * To—about, to publish : مشہور کرنا - کھولنا - تاننا - بچھوانا * To diffuse : پھیلانا * To disperse : پراگندہ کرنا * To—like wildfire, to get abroad in no time : * آناً فاناً پھیل جانا Spread the table, and contention will cease, دسترخوان بچھا جھگڑا مٹا * *n.* Extent ; expansion : وسعت - پھیلاؤ

Spree, *n.* Frolic ; noisy merriments ; a carousal : ناچ کود - جشن - میںوشي - ھنےي مزاق

Sprig, *n* A small branch ; a twig : - ٹہني شاخ

Sprightful, *a* Lively ; brisk ; gay : - خوش طبع چست - پھرتیلا خرم - زندہ دل - خوش

Sprightly, *a.* Brisk ; lively ; active : - خوش چالاک طبع - زندہ دل - تیز - چست - چالاک

Spring, *v. t* or *i.* To leap : اُچھلنا * To کودنا issue : پھوٹنا - نکلنا * To arise اُٹھنا * To start چونک پڑنا * To shoot up ; to grow ; to thrive : لپکنا * To fly back : اوگنا - نمود ہونا - سرسبز ہونا To produce quickly : نکالنا - پیدا کرنا * To fire as a mine ; to burst : پھوڑنا - اُڑانا * To split : - چیرنا * To—a leak, to let in water suddenly : پھاڑنا * پاني پھوٹ نکلنا-کوئي جوڑکھل جانا کہ پاني اندر آنے لگے To—a mine, سرنگ اُڑانا * To—at, to leap towards : جھپٹنا - جست کرنا * To—forth, to rush out : نکلنا - جست کرنا * To—on, upon, to assault : حملہ کرنا * To—up, to grow : - اُگنا * *n.* A leap ; a flying back : - جست پھوٹنا - جھپٹ - پھلانگ * The season of the year when plants begin to grow : موسم بہار * A fountain : چشمہ - فوارہ - سرتا

Springe, *n.* A noose ; snare : دام - پھندا - سرک پھانسي

Spring-tide, *n.* The tide at the new and full moons : سمندر کے پاني کا چڑھاؤ جو سدي دوج اور پورنوں کے بعد ہوتا ہے - جوار

Springy, *a.* Elastic ; full of springs : - لچکدار چشموں اور سوتوں سے بھرا ہوا

Sprinkle, *v. t.* To scatter in drops ; to besprinkle ; to wash : چھڑکنا - چھینٹنا - دھونا - تر کرنا

Sprite, *n* A spirit ; a demon : جن - بھوت - پریت

Sprout, *v. i.* To shoot ; to germinate ; to grow : * *n.* The shoot of a plant : گلے نکلنا - ڈالي جمنا - اوگنا - کلیاں اپھوٹنا کلا - کونپل

Spruce, *a.* Neat ; trim ; foppish : - نفیس - عمدہ * *n.* An evergreen tree ; a species of fir : بنا ٹھنا - بانکا - البیلا صنوبر - سرو - جھاؤ

Spruceness, *n* Neatness without elegance ; fineness : صفائي - سجاوٹ بناؤ ٹھناؤ عمدگي

Spry, *a.* Nimble ; active ; vigorous : - چالاک چست - مستعد - پھرتیلا - قوي

Spud, *n.* An implement somewhat like a chisel used for destroying weeds : چھوٹي کھرپي

Spume, *n.* Froth ; foam : جھاگ - پھین - کف

Spumous, *a.* Foamy ; frothy : بھینبا - جھاگ دینے والا

Spunk, *n.* Touchwood ; mettle pluck : ایک لکڑي جو آگ کو چھوتے ھي جل اُٹھتي ہے

Spur, *n.* A goad, worn at the heel : کانٹا - مہمیز * Incitement : ترغیب * Branch of a mountain :

پہاڑ کی شاخ * On the—of the moment, at once : فوراً - اتا واتا

Spur, *v. t.* or *i* To prick with spurs ; to incite ; to hasten ; to press forward : - اُکسانا - مہمیز مارنا * تحریک کرنا - ترغیب دینا - تیز کرنا - دوڑانا Spur not a free horses to death, چلتے بیل کے ار مت مارو

Spurious, *a.* Counterfeit : - ساختہ - جعلی مصنوعی * Bastard : حرامی

Spurn, *v. t.* To kick ; to scorn ; to reject with disdain : - لات مارنا - ٹھوکر مارنا - حقارت کرنا ناپسند کرنا - بیقدری کرنا * *n.* A disdainful rejection : بیقدری - حقارت

Spurt, *v. t.* or *i.* To drive or force out violently as a liquid stream from a pipe or small orifice ; to issue out in a stream : - نکالنا - اوچھالنا اوچھلنا - پھوٹنا - خروج کرنا * *n.* A sudden violent gush ; a short, violent effort : اخراج - نکاس

Sputter, *v. i.* To emit saliva from the mouth : تھوکنا * To speak hastily ; to jabber : جلد جلد بولنا - بکنا

Sputum, *n* Matter exporated ; spittle ; saliva : کھنکار - تھوک

Spy, *n* One who watches another's motions ; a scout : مخبر - جاسوس - بھیدیا - دیکھنا * *v. t.* or *i.* To gain sight of ; to discover ; to detect ; to inspect secretly ; to search narrowly : دور سے دیکھنا - جھانکنا - تکنا - کھوجنا - دریافت کرنا - سُراغ لگانا - جاسوسی کرنا - تلاش کرنا - بھید لگانا

Spy-glass, *n.* A small telescope : دوربین

Squab, *a.* Fat ; thick and stout ; unfeathered . مرغا - جسیم - مضبوط - بے پر و بال * *a.* A young pigeon : کبوتر کا بچہ * A stuffed sofa cushion : مسند - گدا

Squabble, *v. i.* To quarrel ; to debate peevishly ; to wrangle : - قرار کرنا - قضیہ کرنا قضیہ - جھگڑا * *n.* Dispute : جھگڑا کرنا - حجت کرنا

Squad, *n.* A division of a company in a regiment : فوج کا چھوٹا حصہ * Any small party : چھوٹی جماعت

Squadron, *n.* A body of cavalry : سواروں کا غول * A detachment of ships : بیڑا جہازوں کا

Squalid, *a.* Dirty ; foul ; filthy : گندہ - میلا

Squall, *n.* A sudden gust of wind : - ہوا کا جھوکا * A loud scream : آندھی چیخ - چلاہٹ - کوک * A black Squall, کالی آندھی * *v. i.* To scream or cry out violently : چیخنا - کیکیانا - چلانا

Squally, *a.* Gusty : اندھی یا جھونکے کے ساتھہ

Syn—Gusty, blustering, stormy, tempestuous.

Squalor, *n.* Filthiness ; nastiness : - غلاظت - گندگی میلاپن

Squander, *v. t.* To scatter or spend lavishly : اُڑا دینا - صرف کرنا - اڑانا - برباد کرنا - کنوانا

Squanderer, *n.* A spendthrift : اوڑاؤ - فضول خرچ

Square, *a.* Having four equal sides and right angles : چوگوشہ * Perpendicular : مربع - سیدھا - عمودی * True ; fair ; honest : - واجب ٹھیک - مناسب - صاف - سچا * Even : برابر - ہموار * A square man, چکلا آدمی * Square dealing, چوڑا - ایمان کا سودا * The account is—, بیباق - خوشی راضی * All—, حساب پُر چھوا ہے Come off—, برابر نکلنا * *n.* Square figure : شکل مربع * A carpenter's instrument : گونیا * The product of a number or quantity multiplied by itself : مربع - مجذور - برگ * Level : سطح * On the—, ایمانداری سے * To be at—, لڑنا * To break no squares, برخلاف نہ کرنا * To play upon the square, ایمانداری سے کھیلنا * To see how the—goes, دیکھنا کہ کس طرح کھیل چلتا ہے ——*v. t.* or *i.* To reduce to a square ; to turn : چوگوشہ کرنا - مربع کرنا * To compare with : ملانا * To adjust : ٹھیک کرنا - بیباق کرنا ہموار یا چورس کرنا * To multiply by itself : مربع یا مجذور کرنا * To suit : ٹھیک آنا ایماندار ہونا * To be on the—, to be honest : ناراض To —off, to take an attitude of offence : ہرجانا - برا ماننا * To—up, to balance up ; حساب کتاب طے کرنا * To dispute : جھگڑنا - لڑنا

Squash, *v. t.* To press into pulp ; to crush : کچلنا - پچکانا - دبا دینا - مسلنا * *n.* A sudden fall of a heavy soft body : دھماکا * A kind of gourd : ایک قسم کی لوکی

Squat, *v. i.* To sit down on the hams or heels : پلتھی مار کر بیٹھنا * *n.* The posture of sitting on

the hams or heels : چار رانو - پلتھي * *a.* Cowering ; short or thick : نیہورا ہوا - جھکتا ہوا - اُکڑوں بیٹھا ہوا - ناٹا - موٹا

Squatter, *n.* A settler on land without a legal title : کسي زمین پر بلا استحقاق بنے والا

Squeak, *v. i.* To utter a sharp shrill cry : چیخنا - ککیانا - چیچیانا - کرکنا

Squeal, *v. i.* To cry as with pain : ککیانا - چیخنا - چیچیانا * *n.* A shrill, sharp prolonged cry of a pig : چیخ

Squeamish, *a.* Delicate, fastidious : نازک مزاج - تنک مزاج

Syn.- Scrupulous, dainty, fastidious.
Ant. - Coarse, easy.

Squeeze, *v. t.* or *i.* To compress ; to crush, to press closely : کھینچنا - دبانا - ملنا - کچلنا - پیس ڈالنا - نچوڑنا * *n.* A pressure between bodies ; a gripe : دباؤ - نچوڑ - تھینچ

Squib, *n.* A firework : ایک آتشبازي - پٹچرتار * A petty lampoon : ہجو - ہرلي * To throw a —, ہرلي مارنا - اوارہ پھینکنا * *v. i.* To throw squibs : مارنا - آوار پھینکنا

Squill, *n.* Wild onion : جنگلي پیاز

Squint, *v. i.* To see obliquely : ترچھا دیکھنا - کن آنکھیوں سے دیکھنا

Squint-eyed, *a.* Having eyes that squint : اینچا تانا

Squire, *n.* A gentleman next in rank to a knight : ایک خطاب - بہادر * A country gentleman : زمیندار * A beau : چھیلا * *v. t.* To attend as a squire : ہم رکاب ہونا - شہزادہ رہنا

Squirrel, *n.* A pretty rodent animal that lives on the trees : گلہري

Squirt, *n.* An instrument with which a liquid is ejected in a stream ; a syringe ; a small jet : پچکاري - فوارہ

Stab, *v. t.* or *i.* To pierce with a pointed weapon ; to thrust ; to kill ; to injure : خنجر مارنا - کونچنا - بھونکنا - ہلاک کرنا - زخمي کرنا - گھایل کرنا * *n.* The thrust of a pointed weapon ; a secret stroke or blow : تھونچ - بھونک - ہول - زخم گھاؤ

Stability, *n.* Firmness ; steadiness ; constancy : مضبوطي - پائداري - استقلال - دھیرج

Stable, *a.* Firmly established ; firm ; durable ; constant : مستحکم - مستقل - مضبوط - استوار * *n.* A house or shed for horses and other beasts : اصطبل یا طویلہ - گھوڑسال * *v. t.* or *i.* To put or keep in a stable ; to dwell in a stable : اصطبل یا طویلہ میں رہنا یا باندھنا - اصطبل یا طویلہ میں رہنا

Stack, *n.* A pile of hay, corn ; etc. : ڈھیر - تودہ - تودہ کرنا یا انبار - ڈال انبار لگانا * *v. t.* To pile in a stack :

Staddle, *n.* Anything which serves for support : ٹیک - بیساکھي - ڈنڈا

Staff, *n* A stick carried in the hand for support or defence : چھڑي - لاٹھي * A support : سہارا * A badge of office : عصا * Officials of a department : سي سرشتہ کے ملازم * The — of life, زندگي کا سہارا - روٹي * The—of one's age, بڑھاپے کا سہارا - عصا پیري * Staff-officer, ملازم * To put down one's —, سپاہ جو سپہ سالار کے ساتھہ ہو سکونت اختیار کرنا

Stag, *n.* The male red-deer : بارہ سنگا

Stage, *n.* A raised platform ; a theatre, any place of exhibition ; a place of rest, a halting place ; degree of advance : سچان - چبوترا - تماشا گاہ - قیامگاہ - مرحلہ - منزل - فرودگاہ - درجہ

Stage coach, *n.* A coach that runs from one place to another at stated times : ڈاک کي گیوڑا گاڑي

Stage player, *n.* An actor ; a theatrical performer : نقال - سوانگیا

Stagger, *v. i.* To reel ; to give way : ڈگمگانا - لڑکھڑانا - لغزش کرنا - کچیانا * To have the—s, شک میں ڈالنا - لرزانا * *v. t.* To reel ; to hesitate ; to shake : جھولا مارنا

Stagnancy, *n.* The state of being without motion : استادگي - قیام

Stagnant, *a.* Not flowing ; motionless ; impure ; dull : * بند - ساکن - بے حرکت - گدلا - کاہل - سست —water, تھرا پاني

Stagnate, *v. i.* To cease to flow ; to be motionless : بہنے سے بند ہوجانا - ساکن ہونا - رکنا

Stagnation, *n* Condition of being stagnant ; cessation of flowing or action : اِستادگي - رکاؤ

Staid, *a*. Sober ; steady ; regular : سنجيدہ - مستقل * قائم مزاج

Stain, *v. t.* To spot ; to dye ; to tarnish : دھبہ ڈالنا - داغ لگانا - رنگنا - کلنک لگانا - بدنام کرنا * *n.* A spot ; taint ; disgrace : دھبہ - داغ - بدنامي - رسوائي

Stainless, *a*. Spotless ; pure ; immaculate . بے داغ - صاف - بے عیب

Stair, *n*. A step or series of steps for ascending : سیڑھي - زینہ

Stair case, *n*. The place for stairs : سیڑھي -زینہ

Stake, *n*. A stick pointed at end : - چوب - میخ * Post : جگہہ * Anything pledged in a wager : بازي * At—, in danger : خطرے میں * At hazard : بازي میں - داؤں پر * *v. t* To support or defend with stakes ; to mark the limits by stakes ; to pledge ; to wager : چوبوں یا میخوں سے مضبوط کرنا - میخوں سے حد بندي کرنا - اِقرار کرنا - شرط کرنا - بازي لگانا

Stalactite, *n*. A pendent cone of carbonate of lime resembling an icicle in form : دھات کا ٹکڑا جو برف کے ٹکڑے کے مانند کسي غار کي چھت سے لٹکا ہو

Stale, *a*. Vapid ; tasteless ; decayed ; not new : * پھیپھوندا - اُبسا ہوا - بے مزہ - کہنہ - باسي *n*. A long handle ; a decoy : دستہ - چھلاوہ - بھلاوہ * *v. i.* To make water : پیشاب کرنا (جانوروں کا)

Staleness, *n*. Vapidness : بوسیدگي - کہنگي

Stalk, *n*. The stem of a plant : تنکہیل - ڈالي * A high, proud walk : * غرور کي رفتار - اکڑکي چال *v. t.* or *i.* To walk with high and proud steps ; to approach under cover or by stealth : اکڑ کر * چلنا - اینٹھ کر چلنا - چھپ کر یا چپکے چپکے جانا

Stalking-horse, a mask to conceal some design : شکار کي ٹٹي آڑ - اوٹ

Stall, *n*. A stand ; a stable ; a bench ; a booth : چبوترہ - اصطبل - طویلہ - گھڑسال - تخت - کرسي - دوانچہ دوکان

Stallion, *n*. A horse not castrated used for raising stalk : گھوڑا - مانند جو آختہ نہ ہو - اسپ نر

Stalwart, *a*. Brave ; strong : جوانمرد - قوي - مضبوط

Staminate, *a* Composed of threads : سوت یا دھاگوں سے بنا ہوا

Stammer, *v. t.* or *i.* To stutter ; to falter ; to hesitate : *لکنت کرنا - تتلانا - ہکلانا - پس و پیش کرنا *n*. Defective utterance : لکنت - تتلاہٹ

Stamp, *v. t.* or *i.* To beat with foot : پاؤں سے پیٹنا * To impress : نقش کرنا * To imprint * سکہ بنانا * To coin : چھاپنا - ٹھپہ لگانا - مہر کرنا *n*. An instrument for making impressions * مہر * Impression ; a thing stamped : cast ; form : چھاپ - نقشہ - سکہ - ٹھپا - ڈول - قماش - *—paper, پکا کاغذ * اندازہ - طریق

Stampede, *n*. A sudden panic amongst animals : بھگیڑ

Stanch, *v. t.* or *i.* To stop flowing ; to cease to flow : خون وغیرہ بند کرنا - ٹھہنایا بند ہونا

Stanchion, *n*. An upright prop or support : ٹیک - ٹھونٹي - ڈاٹ - سہارا

Stand, *v. i.* To remain erect ; to be on end : *واقع ہونا * To be situated * کھڑا ہونا - استادہ ہونا * To stop ; to pause ; to halt : ٹھہرنا - رکنا - ٹھہنا * To continue ; to maintain ; to last : - قائم رہنا * To persist ; to insist : مستقل ہونا - چلتا جاري ہونا - مروج : * To have efficacy اِصرار کرنا * To be permanent : ثابت قدم رہنا ہونا * To —against, to resist : مقابلہ کرنا * To—aside, to retire to one side : ایک کنارے ہٹ جانا * To —by, to be present : موجود ہونا * To support, not to desert : مدد دینا - ساتھہ دینا * To—fast, to be fixed : قایم یا جما رہنا * To—for, to espouse the cause of : حمایت کرنا * To side with : طرفداري کرنا * (*Naut*) To sail in the direction of : * کسي طرف کو روانہ ہونا To—off, to keep at a distance : * الگ یا دور رہنا To—in, to cost : * صرفہ پڑنا To—out, to project : ضد کرنا - باھر نکلنا * To oppose persistently : - اُبھرنا * To—over, to be put off : * ملتوي ہونا (*Naut.*) To leave land : * سمندر کے رخ چلنا To —to, to abide by ; to adhere to : پابند رہنا قایم * To—up, to rise to one's feet : کھڑا ہونا * رہنا to arise in order to speak : * کچھہ کہنے کو کھڑا ہونا To—up against, to place one's self in opposition to : * مقابلہ کرنا To—up for, to rise in defence of : * حمایت کے لئے کھڑا ہونا

To—upon, to set value on : قدر کرنا * To insist on : اصرار کرنا * To—with, to be consistent with : معقول ہونا - قرین مصلحت ہونا * To—in need of, to be in want of : ضرورت یا حاجت رکھنا * To—one in good stead, to be of great service : بڑے کام آنا To—to reason : عقل میں آنا

Stand, *v. t.* To place on end : کھڑا کرنا * To endure ; to sustain : برداشت کرنا - سہنا * To await : انتظار کرنا * To—bail, to become surety for : ضامن ہونا * To—one's ground, to keep one's place : اپنی جگہہ قائم رکھنا - اڑا رہنا * To—fire, to remain while being shot at by an enemy without giving away : گولی چلنے کے وقت اپنی جگہہ پر سے نہ ہٹنا * To—in hand, مفید مطلب ہونا - کام دینا * To—to reason, قرینہ عقل ہونا * To—under, جھیلنا - اٹھانا * Is at a—to think, نہیں سمجھتا د کہوں * To make a—, اڑے کھڑے ہونا

Stand, *n.* A place ; a station ; a halt ; a raised station ; something on which a thing is laid : جگہہ - مقام - ٹھکانا - اڈا - قیام پڑاؤ - چبوترہ - مقابلہ کرنا - سامنا کرنا To make a—, تپائی - ٹکنگی

Standard, *n.* An established rule or measure : مقررہ قاعدہ Rate : اندازہ - وزن - پیمانہ * A banner : جھنڈا - علم * Criterion ; an upright support : ٹیکن * *a.* Having a fixed value ; recognised : اقرار - مقرری * —bearer, one who bears a standard : علم بردار - جھنڈا لیجانیوالا

Standing, *a.* Permanent ; lasting : دایمی - پایدار * Fixed . قائم - برقرار * Not flowing : جو رواں نہ ہو * Remaining erect . کھڑا - استادہ * Rank : درجہ - مرتبہ * —army, permanent body of soldiers : مستقل فوج * colour, colour that does not wash out : پکا رنگ * —crop, corn not cut down : کھڑی فصل * —order, permanent regulation of a legislature : قانون * —rigging, fixed ropes : جہاز پر یا حکم وقت بند اور * —water, stagnant water : بندھی رسیان * —corn, کھڑی کھیتی - قراءت استادہ * کندا پانی

Stand-point, *n.* A fixed station ; a point of view : موقع - اُصول - مقام نگاہ داشت - بنا

Stanza, *n.* A portion of poem : بیت - قطعہ - رباعی

Staple, *n.* A settled market ; a principal production ; the chief ingredient ; the thread of wool, &c. ; a loop of metal : - بازار - منڈی - جنس سردا - مصالح - جز و اعظم - ریشہ - رشتہ - کنڈا - قلابہ * *a.* Settled ; chief : مقرر - اصل - خاص

Stapler, *n.* A dealer in staple commodities : دروشندہ - بیوپاری

Star, *n.* A luminous body in the heavens : تارا - ستارہ - کوکب * The figure of a star (thus *) used in printing ; asterisk : نشان ستارہ (مثل *) * A distinguished person : مشہور آدمی : * An actor : ستارونکا تمغہ * A badge of honor : ڈانک کا سوانگیا * Out of one's—, کسی کی قسمت یا حیثیت سے بالاتر * *v. t.* To set or adorn with stars : ستاروں سے زینت دینا - اشاں چننا

Starboard, *n.* The right handside of a ship or boat : جہاز کا داہنا رخ جب کوئی شخص اوسکے سرے کی طرف منہہ کرکے کھڑا ہو

Starch, *n.* A substance used for stiffening cloth ; stiff ; formal manner : - مانڈی - کف - اکھار- نفاستہ * *a.* Stiff ; precise : باضابطگی - باقاعدگی - ظاہرداری * *v. t.* To stiffen with starch : سخت - گاڑھا - ٹھیک - درست کف دینا - مانڈی دینا

Starchy, *a.* Stiff ; rigid : کف دار - سخت - کڑا

Stare, *v. i.* To look earnestly ; to gaze : - گھورنا * To—in the face, to be undeniably evident : صاف ظاہر ہونا - اظہرمن الشمس ہونا * *n.* A fixed look with open eyes : - ٹکٹکی - تاک نظر بازی

Stark, *a* Stiff ; strong : سخت - مضبوط * Mere ; entire : محض - پورا-بالکل - مطلق *—nonsense, سراسر حماقت * *ad.* Wholly ; entirely : - سراسر * بالکل خبطی * —mad, entirely mad : بالکل - تمام —blind, اندھا سوس * —naked, ننگا مادر زاد ننگ دھڑنگ

Starling, *n.* A well-known bird allied to the crow : شارک - مینا - اِطقہ - بیٹو

Starry, *a.* Abounding with stars : - کواکبدار ستاروں سے بھرا ہوا

Start, *v. i.* To make a sudden and involuntary motion of the body through surprise, pain or any other feeling ; to shrink ; to wince : - چونکنا بھڑکنا * To spring up : اوٹھہ بیٹھنا - کود پڑنا To

set out : چلدینا - روانه هونا * To be dislocated : ڈگ جانا * To—after, to set out in pursuit of : پیچھا یا تعقب کرنا * To—against, to oppose : مخالفی هونا * To—up, to rise suddenly : اُٹھه بیٹھنا - یکایک بڑه جانا

Start, *v. t.* To rouse : جهڑکنا * To begin : شروع * To set agoing : چلانا * To originate : نکالنا * To dislocate : جگهه سے هٹانا * *n.* A sudden motion ; a spasm ; a sally ; alarm ; a tail : اوچکانا - ڈکانا - روانگی - جوش - اینٹهن - پهلانگ - گلانچ - چونک - دم

To have the —of, to go in advance of : آگے نکل جانا - بڑه جانا - کسی سے پہلے شروع کر دینا - کسی پر فون لے جانا

Startingly, *adv.* By fits or starts : چونک کر - تعجب میں آکر

Startle, *v. t.* or *i.* To frighten ; to shock ; to surprise : ڈرانا - دهمکانا - چوکانا - چونکنا

Starvation, *n.* The act of starving or state of being starved : فاقه کشی - اوپاس

Starve, *v. t.* or *i* To kill with hunger or cold ; to perish with hunger or want : بهوکوں مارنا - بهوک سے مرنا

Starveling, *a* Hungry , lean : بهوکا - لاغر - دُبلا - کمزور

State, *n.* Case : حالت - وضع - طور - روداد * Rank ; dignity : مرتبه - درجه - رتبه - کر و فر شکوه * A community ; civil power : جماعت - فرقه - ریاست - * سرکار - سلطنت - ملکی اختیار —affairs, معاملات * —barge, شاهی کشتی

State, *v. t.* To express the particulars of ; to narrate ; to recite : بیان - عرض کرنا - ظاهر کرنا * *a* Public ; royal سرکاری - شاهی

Stately, *a* Majestic ; grand ; splendid ; magnificent : بلند - عالیشان - عظیم - شاهانه - پر تمکنت - پردبدبه

Stateliness, *n.* Majesty ; magnificence ; dignity : عظمت - کبریائی - جاه و جلال - دبدبه - آن بان - شان و شوکت - تمکنت

Statement, *n.* A recital or arrangement of facts : بیان - اظهار - روداد - کیفیت - فرد حساب

Statesman, *n.* A politician : مدبر امور سلطنت - دیوان

Statesmanship, *n.* Political skill : سیاست مدن مدبرانه لیاقت یا کارروائی - فراست

Static, *a.* Pertaining to bodies at rest : متعلق به * Statical electricity, بجلی جو رگڑ سے وزن پیدا هوتی هے

Statics, *n. pl.* The science of bodies at rest : علم سکون اجسام - علم میزان الثقل

Station, *n.* Position ; office ; rank ; a railway stopping-place : جگهه - مقام - منصب - درجه - رتبه * *v. t.* To place ; to set ; to fix in a certain place : قایم نصب کرنا - بیٹهالنا - ٹهہرانا - متعین کرنا

Stationary, *a.* Motionless ; fixed ; not improving : ساکن - مقیم - ٹهہرا هوا - متعین

Syn.— Fixed, firm, stable.

Ant. Changeable, portable.

Stationer, *n* One who sells paper, pencils, pens, etc. کاغذ قلم وغیرہ بیچنے والا

Stationery, *n.* The articles sold by stationers, as paper, ink, quills, etc : قلم سادہ مثل کاغذ سیاهی وغیرہ

Statistics, *n. pl* A collection of facts and figures respecting in condition of the people in a state or respecting any particular class or interest : حال ملک وغیرہ اور نقشه کیفیت رعایا - پیشه وروں کا حساب کتاب

Statuary, *n.* Art of carving statues or images ; a group of statues ; a sculptor : بُت تراشی - مورتگری - مورتوں کا مجموعه - بُت تراش

Statue, *n.* An image in marble or bronze : مورت - بُت

Statuesque, *a.* Resembling a stature ; well-proportioned ; graceful : مثل بُت ماند مورت - خوش تراش - بُت سا تراشا هوا - سڈول - طرحدار - سجیلا

Stature, *n.* The natural height of a body : قد - قامت - ڈیل ڈول

Status, *n.* Position ; condition ; rank ; position of affairs ; state : رتبه درجه - مرتبه - پدی * — in quo, حالت سابقه

Statute, *n.* An act of the legislature ; a law : قاعدہ - آئین - قانون

Statutory, *a* Enacted by statute : آئین کی رو سے جاری کیا گیا - مجوزہ قانون

Staunch, *v. t.* To prevent the flow of ; to stop : بند کرنا - روکنا

Stave, *v. t.* To break a hole in ; to burst ; to delay : سوراخ کرنا - توڑنا - پھاڑنا - دیر کرنا - توقف کرنا

Stave, *n.* A thin piece of timber for casks : - پٹڑی تختہ

Stay, *v. t.* To remain ; to dwell ; to stop ; to wait ; to trust : رہنا - قیام کرنا - ٹھہرنا - انتظار دیکھنا - راہ دیکھنا - بھروسہ کرنا - اعتبار کرنا

Stay, *v. t.* To restrain ; to delay ; to prop : - روکنا * To—the stomach, ملتوی کرنا - تھامنا - اڑانا to satisfy hunger : * بھوک رفع کرنا - تسکین دینا *n.* Continuance in a place ; stop ; prop ; support : قیام - سکونت - روک - آڑ - آسرا - سہارا

Stays, *n. pl.* A bodice ; corset : چولی - انگیا - سینہ بند

Stead, *n.* Place ; room : مقام - جگہہ * To stand one in good—, see under Stand. To—up, کسی کے بجائے کچھہ پورا کرنا مثلاً وعدہ

Steadfast, *a.* Firmly fixed ; constant ; resolute : مستحکم - مضبوط - قایم - ثابت قدم

Steadily, *ad.* Firmly ; with perseverance : مضبوطی سے - استقلال سے

Steadiness, *n.* Firmness ; constancy : - استواری مضبوطی - استقلال - ثابت قدمی - استحکام - صحتمندی

Steady, *a.* Firm ; fixed ; constant ; uniform : * مستقل - مستحکم - مضبوط - ثابت قدم - یکساں - ہموار *v. t.* To hold or keep firm ; to support : قایم رکھنا - مضبوط کرنا - سنبھالے رہنا

Steak, *n.* A slice of beef cut and broiled : گوشت کی بھنی ہوئی بوٹی

Steal, *v. t.* or *i.* To take without right or leave ; to pilfer ; to slip away : چوری کرنا - چورانا - دزدی کرنا - کھسک جانا - سٹک جانا * To—away, to march off quietly : چوری سے چل دینا * To—march upon, to gain an advantage over secretly : خفیہ کسی پر قابو پاجانا یا کسی سے سبقت لیجانا

Stealth, *n* Act of stealing , secret art : - ہردی چوری - پوشیدہ کام

Stealthy, *a.* Done by stealth : چوری چھپا - گپ چپ - پوشیدہ

Steam, *n.* The elastic vapour of boiling water : بھاپ - بخار - دھواں * *v. i.* To rise or pass off in vapour : بھاپ اوٹھنا - بخارات اوڑنا یا بنجانا * *v. t.* To exhale ; to evaporate : بھاپ بنا کے اوڑانا - بھاپ بنانا - ابخرے بنانا

Steam-boiler, *n* A strong vessel of iron in which water is converted into steam for supplying steam engines : ایک لوہے کا برتن جسمیں پانی بھاپ میں تبدیل ہوکر انجن وغیرہ کو چلاتا ہے

Steamer, *n.* A vessel propelled by steam : دخانی جہاز - دھواں کش

Seed, *n.* A horse, especially, a spirited horse for state or war : جنگی گھوڑا - تڑنگ

Steel, *n.* Iron combined , an instrument for sharpening knives upon : فولاد اسپات - چاقو تیز کرنیکا اوزار * *v. t.* To make hard : - سخت کرنا کڑا کرنا

Steep, *a.* Greatly inclined ; precipitous : بہت کھڑا - ڈھالو * *n* A precipitous place, hill, etc. : ڈھالو جگہہ - پہاڑی وغیرہ * *v. t.* To soak ; to macerate : تر کرنا - بھگونا

Steeple, *n.* A towe: of church ; a spire : - گنبد لاٹ - مینار

Steeple-chase, *n* A horserace across the country : ایک قسم کی گھوڑ دوڑ جسمیں باڑدیوار کُدی کر پھاندنا پڑتا ہے

Steer, *n.* A young castrated male of the ox kind : بچھڑا - بدھیا * *v. t* or *i.* To direct ; to guide ; to pursue a course of action : جہاز چلانا - رہنمائی کرنا - چلنا - راہ لینا

Steerage, *n.* Act or practice of directing in a course : جہاز رانی - رہنمائی * An apartment in the fore part of a ship for inferior passengers : جہاز کے سامنے کا کمرہ ادنی مسافروں کے لئے * Management : انتظام

Steerer, *n.* A pilot : جہاز چلانیوالا

Stellar, *a.* Pertaining to stars : ستاروں کے متعلق

Stellate, *a.* Resembling a star ; radiated : ستاروں کے مانند - کرندار

Stelliform, *a.* Like a star : ستاروں کے مانند - ترندار

Stellography, *n.* An inscription on a pillar : ستون پر نقاشی

Stem, *n.* The principal body of a plant, tree, &c. : درخت کا تنہ جس سے شاخیں نکلتی ہیں * Origin ; the stock of a family : نسل - بنیاد * The prow of a ship : جہاز کا آگا

Stem, *v. t.* To oppose as a current ; to check : پانی چیرنا - دھار پر چڑھانا - روکنا

Stench, *n* An ill smell ; offensive odour : - تعفن بدبو - باس

Stenography, *n.* Short-hand writing : - مختصر حرف یا لفظ لکھنیکا فن - مختصر تحریر

Stentor, *n.* Any person having a powerful voice : بلند آواز شخص

Stentorian, *a.* Extremely loud ; able to utter a very loud sound : بلند آواز - دراز آواز

Step, *v. i.* To advance or recede by a movement of the foot or feet ; to walk slowly : قدم اوٹھانا * To -aside, to walk to a little distance : ہٹ جانا * To deviate from the right path : گمراہ ہوجانا * To err : بیچ * To—between, to interpose : خلل کرنا * To—in, to enter : بچاؤ کرنا - درمیان میں پڑنا * To—out, to increase the length of the step : قدم بڑھانا * To take a—, to move ; to proceed : حرکت کرنا - کارروائی کرنا *v. t.* To set as the foot ; to fix the foot of as a mast : قدم رکھنا - کھڑا کرنا

Step, *n.* A pace ; degree ; gait ; the round of a ladder ; proceeding : قدم - درجہ - مرتبہ - رفتار * —by—, by degrees ; gradually : درجہ بدرجہ - رفتہ رفتہ * In the first —, ابتدا میں - اول - مقدم * To take —s, تدبیر کرنا

Step-mother, *n.* A mother by marriage only : سوتیلی ماں

Steppes, *n.* The extensive plains in southern Russia : جنوبی روس کے میدان

Stereoscope, *n.* A binocular instrument for viewing small pictures : چھوٹی تصویروں کے دیکھنے کا آلہ

Stereotype, *n.* A fixed metal type or block : سیسے کے حروف کی ڈھالی ہوئی تختی * *v. t.* To make stereotype plates for : سیسے کے حرف کی تختی ڈھالنا

Sterile, *a.* Barren ; unfruitful : - بانجھ - اوسر بنجر - شرر

Sterility, *n.* Barrenness ; unproductiveness : اوسر پن - بانجھ پن - بے ثمری

Sterilize, *v. t.* To make barren ; to render unproductive : اوسر کرنا - بنجر بنانا

Sterling, *n.* English money ; standard coin : انگریزی سکہ * *a.* Pure ; genuine : خالص - اصلی - صاف

Stern, *a.* Austere ; harsh ; cruel : - سخت - درشت کڑا - بے رحم

Stern, *n.* The hind part of a ship or boat . جہاز یا کشتی کی پیچھاڑی

Sternly, *ad.* With an austere countenance ; harshly : ترشروئی سے - سختی سے

Sternmost, *a.* Furthest in the rear : سب سے یا بالکل پیچھے

Sternum, *n* The breast bone : سینے کی ہڈی

Sternutation, *n.* The act of sneezing : چھینک

Sternutatory, *n.* A substance that provokes sneezing : چھینک لانیوالی چیز

Stertorous, *a.* Snoring ; breathing hoarsely : خراٹا لیتے ہوئے

Stethoscope, *n.* An instrument to distinguish sound in the chest : آواز سے دیہپھڑے کا حال دریافت کرنے کا آلہ - سینہ بیں آلہ

Stew, *v. t.* or *i.* To boil slowly or with a simmering heat ; to seethe : دم پخت کرنا یا ہونا - نرم * *n.* Meat stewed : آگ سے پکانا یا پکنا - چوراہٹ * Confusion : قورمہ گھبراہٹ

Steward, *n.* A man employed to manage domestic concerns, servants, accounts ; a waiter on board a ship :- داروغہ - گماشتہ - کارندہ خانساماں باورچی

Stibium, *n.* Antimony : سرمہ

Stich, *n.* A line or verse : شعر - مصرعہ * A row or rank : قطار - صف

Stick, *n.* A piece of wood ; a cane ; a stab : لکڑی - چھڑی - لاٹھی - کھونچا * *v. t.* To pierce or stab : چبھانا - چبھدنا - بھونکنا * To thrust in : گھسیڑنا * To fit : گاڑنا * To cleave : چپکانا *v. i.* To adhere ; to cling : لپٹنا - لگا رہنا - چپکا رہنا * To scruple ; to hesitate : پس و پیش کرنا - ہچکنا

To be hindered : رکنا - اڑکنا * To—at, to hesitate at : تامل کرنا - پس و پیش کرنا - ہچکچانا * To—against, to glue to : جوڑنا - لگانا * To—by, to adhere to : چمٹنا * To be constant : - ساتھہ دینا * To—close, fast or tight, to adhere closely : وصل ہونا * To hold fast : زور سے پکڑنا * To—out, to project : اُبھرنا - نکالنا * To—to, to adhere to : جوڑنا - وصل کرنا * To persevere in : مستقل رہنا - ساتھہ رہنا * To—oneself up, to put on great airs : اکڑنا - بننا

Stickiness, *n.* Adhesiveness ; viscosity : لسلسا - چپچپا - لس

Stickle, *v. i.* To contend or altercate : - تکرار کرنا - حجت کرنا - جھگڑنا

Stickler, *n.* An obstinate contender : - حجتی - تکراری - جھگڑالو

Sticky, *a* Glutinous ; viscous : لسلسا - چپچپا

Stiff, *a.* Inflexible ; stubborn ; strong : - سخت - نامایم - اکڑا ہوا - ضدی - سرکش - تیز - تند

Stiffness, *n.* Inflexibility ; obstinacy : - سختی - ضد - گردن کشی - مجہول

Stiffen, *v. t* or *i.* To make or become stiff : سخت یا کڑا کرنا - سخت یا کڑا ہونا

Stifle, *v. t.* To choke : to suppress ; to deaden : گلا گھونٹکر مارنا - گلا گھوٹنا - دابنا - داب رکھنا - مارنا - گل کرنا - بجھانا

Stigma, *n.* A brand ; any mark of infamy : لوہا لال گرم کرکے داغنے کا نشان - داغ - بدنامی - کلنک

Stigmatize, *v. t.* To mark with a brand or infamy ; to characterize by some reproachful epithet : داغ لگانا - بدنام کرنا - رسوا کرنا - ملامت انگیز لقب دینا

Stile, *n.* The face of a dial to form the shadow : دھوپ گھڑی کی پٹی * A frame of bars or step : سیڑھی

Stiletto, *n.* A small dagger : نیمچہ - خنجر - کٹار

Still, *v. t.* To silence ; to quiet ; to pacify : خاموش کرنا - چپ کرنا - تسکین دینا - تسلی دینا

Still, *a.* Silent ; motionless ; peaceful : - چپ * خاموش - بے حرکت - ساکت - مطمئن - خاطر جمع —water runs deep, دھیرا سر گمبھیرا * *ad.* To this time ; always ; nevertheless ; after that : ہنوز - ابتک - ہمیشہ - تاہم - مزید براں - بعد ازاں - تسہ * —and anon, at intervals and repeatedly : بار بار - پھر پھر * Possession is—held, قبضہ آج تک چلا آتا ہے * *n.* A boiler used in distillation ; distillery : بھپکا - عرق کھینچنے کا چولہا * *v. t.* To distil : - ٹپکانا - کھینچنا

Still-born, *a.* Born lifeless : مرا پیدا ہوا - بے جان جنما

Stilt, *n.* A piece of wood with a rest for the foot, used in walking : ایک لکڑی جسمیں پاؤں رکھہ کر چلتے ہیں - بیساکھی * To walk on—s, اینٹھہ یا اتراکر چلنا

Stimulate, *a.* Inciting ; provocative · جوش پیدا کرنیوالا - متحرک * *n.* A stimulating medicine : دوائے مقوی * *v. t.* To excite ; to instigate ; to animate : ترغیب دینا - تحریک کرنا - اُبھارنا - آمادہ کرنا - جوش پیدا کرنا

Stimulation, *n.* The act of exciting : - ترغیب - تحریک - جوش

Stimulus, *n.* A goad ; excitement : - ایز - آنکس - ترغیب - تحریک

Sting, *v. t.* To pierce with a sting ; to pain acutely : کاٹنا - ڈسنا - دکھانا * *n.* A sharp pointed weapon of a bee, wasp, &c, for defence ; the thrust of a sting into the flesh : ڈنک مارنا - ڈنک * Remorse : پیشانی - پچھتاوا - چربھن Syn.—Prick, wound, hurt.

Stinginess, *n.* Covetousness ; niggardliness : حرص - طمع - کنجوسی - بخیلی

Stingy, *a.* Covetous ; meanly ; avaricious ; niggardly : حریص - لوبھی - بخیل - کرم

Stink, *n.* A strong, offensive smell : - تعفن - بدبو - بساند

Stink, *v. t.* To emit an offensive smell : بدبو کرنا - بساتا

Stint, *n.* A limit ; restraint ; a quantity assigned : حد - روک - قید - اندازہ

Syn.—Bound, limit, confines.
Ant.—Extension, expansion.

——, *v t.* To restrain ; to limit : - روکنا - مقید کرنا محدود کرنا

Stipend, *n.* Settled pay for services ; salary ; wages : مقررہ تنخواہ - درماھہ - اُجرت - وظیفہ

Stipendiary, *a.* Receiving wages or salary : مشاہرہ دار وظیفہ خوار

Stipple, *v. t.* To engrave by means of dots : نقطوں کندہ کاری کرنا

Stipulate, *v. i.* To make an agreement ; to contract : عہد و پیمان کرنا - قول و قرار کرنا - شرط کرنا - شرط باندھنا

Stipulation, *n.* Covenant ; contract : قول و قرار - عہد و پیمان - شرط

Stir, *v. t.* or *i.* To move ; to incite ; to prompt ; to move about ; to be active : ہلانا - حرکت دینا * جنبش کرنا - تحریک کرنا - اُبھارنا - اُسکانا - ہلنا - چلنا **To —up,** to incite ; to instigate : ترغیب دینا * *n.* Agitation ; bustle ; commotion : ہیجانی - غل غپاڑہ - شور و شر - ہنگامہ - ہل چل - تحریکی

Stirk, *n* A young ox or heifer : بچھڑا

Stirrup, *n.* An iron ring suspended by a strap for a horseman's food : رکاب

Stitch, *v. t.* or *i.* To sew ; to join or unite by sewing ; to practise sewing : سینا - ٹانکنا - جوڑنا - ملانا - بخیہ کرنا - ترپنا - شیرازہ (a book) کرنا - سینا - سیکھنا *n.* A single pass of a needle in sewing ; a sharp pain : دوخت - بخیہ - ٹسک - ٹیس - چلک * A stitch in time saves nine, وقت کا ایک ٹانکا بے وقت کے سو ٹانکوں سے بہتر ہے

Stitchery, *n.* Needle work : سوئی کا کام

Stithy, *n.* A smith's shop ; an anvil : لوہار کی دوکان - نہائی

Stoat, *n.* The ermine : ایک قسم کا نیولا

Stock, *n.* The stem or main body of a tree or plant : کل - بنس - نسل - تنہ - ڈنڈی * Lineage : حاندان * A capital : سرمایہ - پونجی * Store : ذخیرہ - رسد - سامان * Cravat : گاربند * Cattle in general : مویشی * The wooden support to which the barrel of a firearm is attached ; a block : کندہ *—**in trade,** the goods kept for sale by a shopkeeper : مال * **To take—,** to make an inventory of goods on hand : مال کا تجارتی راس المال کے حصوں * —**broker,** حساب لینا * اور سرکاری تمسکات کے خرید فروخت کا دلال —**ex-change,** سامرکار - سرانہ - چوک * —**taking,** مال موجودہ کی تعداد بنانا * **To have something on the—,** ہاتھہ میں کچھہ کام ہونا **Common—,** پنچایتی مال * —**company,** اچھے خاندان یا ذات کا * **Of a good—,** جماعت شرکا **To put in—s,** کاٹھہ میں ٹھونسنا * *n.* Public funds : سرکاری نوٹ - راس المال * *v. t* To fill ; to supply with stock ; to lay up : بھرنا - بھر پہنچانا - ذخیرہ کرنا * **To—a gun,** بندوق میں ٹھونسنا * **To—up,** کندہ لگانا

Stockade, *n.* A slight fortification : باڑا جو لکڑیوں کو گاڑ کر بنایا جائے - لکڑ کوٹ

Stocking, *n.* A close-fitting covering for the foot and leg : جراب - موزہ - پایتابہ

Stock-still, *a.* Still as a fixed post : خاموش - نقش دیوار بننا * **To stand—,** نقش دیوار بے حس و حرکت رہنا

Stocky, *a* Stout, small and thick : قوی - چوڑا - موٹا

Stoic, *n.* One who is free from passion : بیراگی - اُوداسی

Stoicism, *n.* Indifference to pleasure or pain : خوشی اور رنج سے بے پرواہی - بیراگ

Stoke, *v. t.* To supply a fire with fuel ; to poke or stir up ; to tend : بھٹی جھونکنا - آتش تیز کرنا کھودنا - چھیڑنا یا کسی چیز سے آگ کو اُکسانا

Stole, *n.* A long vestment : * ایک قسم کا لنبا جامہ

v. t. p. of **Steal.**

Stolid, *a.* Foolish ; stupid : نادان - بیوقوف - کودن

Stolidity, *n.* Dulness of intellect ; stupidity : کند ذہنی - بیوقوفی

Stomach, *n* The principal organ of digestion ; appetite ; desire : شکم - پیٹ - معدہ - بھوک * *v. t* To resent ; to brook : ناراض - رغبت - میل کرنا - برداشت کرنا

Stomachic, *a.* Strengthening to the stomach : مقوی معدہ *n.* A medicine for the stomach : دوائے مقوی معدہ

Stone, *n.* A mass of concreted earthy or mineral matter : سنگ - پتھر * A gem : جواہر - رتن * A calculus in the bladder or kindney : سنگ مثانہ - پتھری * The nut of a drupe ; the hard seed of a fruit : گٹھلی * A weight 14 lbs : سات سیر کا * **A—'s cast or throw,** ایک رمی

distance which a stone may be thrown by the hand : * فاصلہ جہانتک ایک ڈھیلا پھینکا جا سکے
—hearted, cruel ; hard hearted : * سنگدل
Philosopher's—, a stone which is supposed to convert baser metal into gold : * پارس پتھر
To leave no—unturned, to spare no pains : حتی‌الوسع کوشش کرنا - کوئی دقیقہ یا تدبیر نہ گذاشت کرنا

Stone, *v. t.* To pelt or kill with stones ; to face with stones : پتھروں سے مارنا - سنگسار کرنا - پتھر لگانا یا جڑنا *a.* Made of stones ; hard : سنگین - پتھر کا - سخت

Stone-blind, *a.* Perfectly blind : بالکل اندھا

Stony, *a* Made of stones ; full of stones ; hard : سنگین - پتھر کا - سخت

Stook, *v. t.* To set up, as sheaves of grain : پولے جمع کرنا

Stool, *n.* A seat without a back : چوکی - تپائی * A discharge from the bowels : دست - پیخش - مرتدھا

Stoop, *v. t.* To bend forward ; to submit ; to descend : آگے کو جھکنا - زیر ہونا - مطیع ہونا - اترنا

Stop, *v t* or *i.* To close ; to obstruct ; to suspend , to stay ; to cease from motion : بند کرنا روکنا - اٹکانا - موقوف رکھنا - باز رکھنا - ٹھہرانا - ٹھہرنا - رکنا * To—two months with one morsel, ایک پنتھہ دو کاج

Stop, *n.* Cessation of motion ; a pause . a point in writing : ٹھہراؤ - روک - وقفہ - علامت وقف * A full—, a point or mark in writing intended to distinguish the sentences : نقطۂ وقف

Stop-cock, *n.* A faucet used to turn or regulate the supply of water, gas, &c. : پیچ

Stop gap, *n.* A temporary expedient : ڈاٹ - آڑ - روک

Stoppage, *n* Obstruction ; a temporary halt : اڑک - روک - ممانعت

Stopper, *n.* One who stops ; a short piece of rope for fastening anchor, cables ; etc. : روکنے والا - ڈاٹ - گٹا

Stopple, *n.* A cork : ڈاٹ - گٹا

Storage, *n.* The safe keeping of goods in a ware-house : بھرتی * The price for keeping goods in store : گودام کا محصول

Store, *n.* A great quantity or number : ڈھیر * Plenty : کثرتی * A ware-house : گودام - انبار * To set—by, to value greatly : نہایت قدر کرنا * *v. t.* To lay up in store ; to hoard : گودام میں رکھنا - جمع کرنا - بھرتی کرنا

Stork, *n.* A large wading bird : سارس - لق‌لق

Storm, *n.* A violent gale ; tempest ; commotion ; a violent assault : آندھی جھکڑ - طوفان - فساد - ہنگامہ - حملہ - دھاوا * *v. t.* To assault : بلوہ * *v. i.* To blow with violence : آندھی حملہ کرنا * To rage : غصہ ہونا - جوش میں آنا یا جھکڑ چلنا

Stormy, *a.* Tempestuous ; violent : پر از طوفان - طوفانی - تند

Story, *n.* A short narrative ; a tale : داستان - قصہ - حکایت - کہانی * Flight of rooms : درجہ - منزل - طبقہ - کوٹھا * Falsehood : دروغ - جھوٹ

Story-teller, *n.* A teller or writer of stories : افسانہ گو - قصہ گو - قصہ خواں

Stoup, *n.* A flagon ; a vessel of holy water : مینا - صراحی - گلابی - پاک پانی کا برتن

Stout, *a.* Strong ; brave ; large : proud : مضبوط * *n.* A strong kind of beer : قوی - بہادر - دلیر - جسیم - بڑا - مغرور ایک قسم کی تیز شراب

Stoutness, *n.* Sturdiness ; corpulence ; bulk : فربہی - موٹاپی

Stove, *n.* A hot-house ; an iron box for heating : تفور - بھٹی - بھاڑ - آتش دان - انگیٹھی *v. t.* To heat in a stove انگیٹھی میں گرم کرنا

Stow, *v. t.* To place in a compact mass ; to pack : تہہ جمانا - پاس رکھنا - لادنا

Strabism, Strabismus, *n.* Act of looking asquint ; a squinting : بھینگاپن ترچھی نظر

Straddle, *v. i.* To walk with the legs far apart : ٹانگ پھیلا کر چلنا

Straggle, *v.i.* To wander from the direct course ; to rove ; to be dispersed : آوارہ پھرنا - بھٹکنا - گمراہ ہونا - بکھرنا - جدا ہونا

Straggler, *n.* One who walks about aimlessly ; vagabond : آوارہ گرد - اوہ‌مکرد - ہرزہ گرد
Syn.—Wanderer, rambler, rover.
Ant.—Settler, worker, labourer.

Straight, *a.* Direct ; not crooked , upward : * Just ; upright ; fair : سیدھا - راست - کھرا

* منصف - درست - ٹھیک *ad.* Directly ; immediately : سیدھے - راہ راست - فوراً

Straighten, *v. t.* To make straight : - سیدھا کرنا راست کرنا

Straightforward, *a.* Proceeding in a straight course ; undeviating : * سیدھا - راست - مستقیم Honest ; upright : ایماندار - منصف

Straightway, *adv.* Immediately : فوراً - بلاتوقف

Strain, *v. t* To stretch ; to exert to the utmost ; to sprain ; to filter : جاں فشانی - کھینچنا - تانتا کرنا - مروڑنا - بل دینا - ٹپکانا - نچوڑنا - چھاننا * To—one's eyes, to look intently : غور سے دیکھنا-تکنی باندھنا * To—every nerve, to do one's best . جی توڑ کوشش کرنا - ہاتھ پاؤں مارنا * To strain at a gnat and swallow a camel, گڑ کھائیں بلگلوں سے پرہیز * *n.* A violent effort ; a sprain ; a song جاں فشانی - محنت - مروڑ - اچک - موچ - الاپ راگ

Strainer, *n.* An instrument for filtering : - چھننا صافی

Strait, *a.* Narrow ; tight ; close ; strict ; difficult : تنگ - سکڑا - چست - سخت - مشکل * *n.* A narrow pass : تنگ راستہ - آبنائے - ناکا * Distress ; difficulty : مصیبت - سختی - دقت - دشواری

Straiten, *v. t.* To make tight or narrow ; to distress : - کسنا - جکڑنا - تنگ کرنا - مختصر کرنا سمیٹنا دق کرنا - حیران کرنا

Strand, *n.* A shore ; a beach ; ساحل - کنارہ * One of the twist of a rope : رسی کا بل - بھانچ *v. t.* or *i.* To run aground ; to drift on shore : ریتی پر چڑھ آنا - کنارہ پر چڑھنا

Strange, *a.* Foreign ; unusual ; wonderful ; unfamiliar : - اجنبی - پردیسی - غیر - خلاف دستور عجیب - انوکھا - نہ آشنا مزاج * To make—, to make one's self اجنبی بننا - حیرت طاہر کرنا ,

Stranger, *n.* A foreigner ; one who is unknown ; a guest : - پردیسی - غیر ملک کا آدمی - غریب الوطن اجنبی - نا آشنا - مہمان

Strangle, *v. t.* To suffocate ; to suppress ; to hinder from birth or appearance : - دم گھونٹنا دبانا - روکنا

Strangulation, *n.* Act of strangling ; suffocation : روکاوٹ حبس الدم - دم بستگی

Strangury, *n.* A painful discharge of urine drop : حبس البول - چنک

Strap, *n.* A narrow, long strip of cloth, leather or other material : دھجی - پٹی - تسمہ

Strap, *v. t.* To fasten or chastise with a strap : تسمے سے باندھنا یا سزا دینا

Strapping, *a.* Tall ; lusty ; handsome : - لنبا قدآور - مستنڈا - خوبصورت

Strata, *n.* (*pl.* of **Stratum**). Beds ; layers تہہ پرت - طبق

Stratagem, *n.* An artifice ; a trick : - داؤں گھات دغا - فریب - دھوکا

Syn Device, trick, dodge.

Ant. Hit, luck, miscontrivance, blunder.

Strategist, *n.* One skilled in military movements : فن صف آرائی جاننے والا

Strategy, *n* Military science or tactics : سیدہ - لاں - صف آرائی

Strath, *n.* A valley of considerable extent through which a river flows : بڑی گھاٹی یا وادی جسمیں کوئی دریا بہتا ہو

Stratify, *v. t.* To form into layers : - تہہ جمانا طبق پر طبق جمانا

Stratocracy, *n.* Military despotism : فوجی حکومت

Stratum, *n.* A layer of anything, as coal, earth, &c. : پرت - طبق - تہہ

Straw, *n.* The stalk or stem of certain species of grain, pulse, etc. ; mass of stalks : - تنکا بھوسہ * A man of—, a person of little or no means : ناچیز شخص

Straw, *v. t* To strew : بکھیرنا - چھتراؤنا

Strawberry, *n.* A well-known plant and its fruit . ایک مشہور انگریزی درخت اور اوسکا پھل

Strawy, *a.* Like straw : بھوسا کے مانند - تنکا سا

Stray, *v. i* To wander ; to ramble : گمراہ ہونا-آوارہ پھرنا - بہکنا * *a.* Having gone astray ; straggling : راستہ بھولا ہوا - گمراہ - آوارہ * *n.* An astray ; a beast that wanders : گمراہ - آوارہ یا بھٹکا جانور

Streak, *n.* A long narrow stripe of colour : لکیر - دھاري - خط *v. t.* To form streaks ; to stripe : دھاري ڈالنا - لکیریں کرنا

Stream, *n.* A running water ; a current : آب رواں - ندي - چشمہ - دھارا * *v. t.* or *i.* To pour ; to send forth ; to flow : دھار باندھکر ڈالنا - اوندیلنا - نکالنا - بہنا

Streamer, *n.* An ensign or flag ; a beam of light : جھنڈا - روشني کي شعاع

Streamlet, *n.* A small stream ; a rill : چھوٹي ندي - نالا - سوتا

Streamy, *a.* Abounding with streams flowing : ندیوں سے معمور - بہتا ہوا - رواں

Street, *n.* A paved way or road ; a city road : سڑک - راستہ - گلي * —arab, a neglected street boy : کوچہ گرد لڑکا

Strength, *n* Effective power ; vigour ; force : قوت - طاقت - زور - جرات - مضبوطي - توانائي * On or upon the—of, اسکے بھروسہ کرکے - بل پر

